17 اکتوبر 2026
سنیچر
۵ ر جمادی الاول ۱۴۴۸ھ
جلد: ۸۴
شمارہ: ۲۴۹
صفحہ اوّل، صفحات ۸
فی پرچہ: دو روپے
Daily "Roshni" Srinagar-J&K
Saturday, October 17, 2026

روزنامہ
اشاعت کا 84 واں سال
روشنی
سرینگر
www.dailyroshni.com | www.dailyroshni.in | www.dailyroshni.net

سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت 2

جموں کے تاجروں نے گزشتہ سال دربار موو کی واپسی کو شہر کی تجارتی سرگرمیوں کیلئے حوصلہ افزا قرار دیا

دربار مُوو کی بحالی کا جموں کے کاروباری حلقوں میں خیر مقدم

تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کو کاروبار میں بہتری کی اُمید، دربار موو جموں کی معیشت کیلئے اہم کردار ادا کرتا ہے

سرینگر،16 اکتوبر(یو پی آئی) یکم نومبر کو سرکاری دفاتر کی جموں منتقلی کے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی، کاروباری حلقوں نے فیصلے کو روزگار اور مقامی معیشت کے لیے اہم قرار دیا۔ جموں وکشمیر میں دربار موو کی روایت برقرار رکھنے کے فیصلے کا جموں کے تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور عام شہریوں نے خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے سرکاری دفاتر کی سرینگر سے جموں منتقلی کے انتظامات کا جائزہ لینے اور 31 اکتوبر و یکم نومبر کو منتقلی یقینی بنانے کی ہدایات کے بعد تجارتی حلقوں میں امید پیدا ہوئی ہے کہ اس اقدام سے شہر میں کاروباری سرگرمیوں اور روزگار کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ کی صدارت میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، چیف سیکریٹری اتل ڈلو، ایڈیشنل چیف سیکریٹری اور جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں دفاتر، ملازمین، سرکاری دستاویزات اور ضروری سامان کی منتقلی کے انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے ٹرانسپورٹ حکام اور ٹریفک پولیس کو ہدایت دی کہ دونوں دنوں کے دوران ملازمین اور سرکاری ریکارڈ کی محفوظ منتقلی کے لیے مناسب (باقی صفحہ 4پر)

19 اکتوبر سے جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن سالانہ امتحانات شروع

شفاف امتحانات کیلئے 40 ٹیمیں تشکیل

2.7 لاکھ طلبہ کی شرکت متوقع،، دسویں جماعت کے امتحانات کا پیپر سے آغاز

سری نگر، 16 اکتوبر (کے این ایس): جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے کشمیر اور جموں کے سرمائی زون علاقوں میں دسویں، گیارہویں اور بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے انعقاد کے لیے تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ ان امتحانات میں تقریباً 2.7 لاکھ طلبہ کی شرکت متوقع ہے، جبکہ امتحانات کا آغاز 19 اکتوبر سے ہوگا۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق جے کے بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے سیکریٹری غلام حسن شیخ نے جمعہ کو بتایا کہ دسویں جماعت کے امتحانات 19 اکتوبر، بارہویں جماعت کے امتحانات 21 اکتوبر اور گیارہویں جماعت کے امتحانات 29 اکتوبر سے شروع ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ امتحانات کشمیر کے تمام 10 اضلاع کے علاوہ جموں صوبے کے سرمائی زون علاقوں، جن میں رام بن، کشتواڑ، ڈوڈہ، پونچھ، راجوری اور ریاسی کے بعض علاقے شامل ہیں، میں منعقد کیے جائیں گے۔ سیکریٹری کے مطابق سرمائی زون علاقوں میں امتحانات کے لیے مجموعی طور پر 2602 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ ان مراکز پر سپرنٹنڈنٹس، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس اور دیگر نگرانی کرنے والے عملے کی تعیناتی بھی (باقی صفحہ 4پر)

اگر جموں وکشمیر ریاست ہوتی تو IAS افسر کو تحقیقات تک GAD سے منسلک کیا جاتا دھمکی آمیز رویے کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے: عمر عبداللہ

سینئر IAS افسر، مندیپ کور کو تحقیقاتی افسر مقرر کیا گیا، 15 دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

سری نگر، 16 اکتوبر (کے این ایس): جموں وکشمیر حکومت نے سینئر IAS افسر کمار راجیو رنجن کی جانب سے JKAS افسر بینش وانی کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے معاملے میں جمعہ کو تفصیلی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ یہ کارروائی میڈیا میں واقعے سے متعلق خبریں سامنے آنے کے بعد کی گئی ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (GAD) کی جانب سے جاری حکومتی حکم نامہ نمبر (GAD)JK-1654 آف 2024 کے مطابق، مندیپ کور، IAS، کمشنر سیکریٹری، محکمہ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ کو اس معاملے میں تحقیقاتی افسر مقرر کیا گیا ہے۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ تحقیقات کے دوران کمار راجیو رنجن، IAS، ایڈمنسٹریٹو سیکریٹری، محکمہ محنت و روزگار، کے خلاف بینش وانی، JKAS، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ گاندربل کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے الزامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ تحقیقاتی افسر کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ حکم نامہ جاری ہونے کی تاریخ سے 15 دن کے اندر اپنی رپورٹ پیش کریں۔ حکومت نے اس معاملے میں امیت ورمانی، JKAS، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو پریزینٹنگ افسر بھی مقرر کیا ہے۔ یہ حکم سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو گردش کرنے کے بعد سامنے آیا ہے، جس کا تعلق 14 اکتوبر کو منعقدہ مشن یووا کے جائزہ اجلاس سے بتایا جا رہا ہے۔ اس واقعے سے سرکاری اجلاسوں کے دوران سینئر افسران کے طرزِ عمل کے حوالے سے تشویش پیدا ہوئی ہے۔ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ تحقیقاتی افسر اب معاملے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گی، جبکہ الزامات کی تصدیق ہونا ابھی باقی ہے۔ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعہ کو کہا کہ اگر جموں وکشمیر ایک مکمل ریاست ہوتا تو ایک جونیئر JKAS افسر کے ساتھ مبینہ طور پر بدسلوکی کرنے والے IAS افسر کو تحقیقات مکمل ہونے تک جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (GAD) کے ساتھ منسلک کیا جاتا۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق وزیر اعلیٰ نے سوشل میڈیا پر ایک تازہ بیان میں کہا کہ IAS افسران (باقی صفحہ 4پر)

خاتون افسر کی مبینہ توہین کیخلاف جے کے اے ایس ایسوسی ایشن کی ایک روزہ قلم چھوڑ ہڑتال

سرینگر/ 16 اکتوبر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس (جے کے اے ایس) ایسوسی ایشن کی عبوری باڈی نے 14 اکتوبر کو ایک سرکاری میٹنگ کے دوران ایک خاتون افسر کی مبینہ توہین کے خلاف احتجاجاً ایک روزہ قلم چھوڑ ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کی عبوری باڈی کی جانب سے اراکین کو جاری کردہ ایک مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اس احتجاج کا مقصد جے کے اے ایس افسران کے وقار، خود اعتمادی اور ادارہ جاتی عزت و احترام کا تحفظ کرنا ہے۔ مراسلے میں ایسوسی ایشن کے اراکین پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اس معاملے میں متحد ہو کر یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ کسی ایک افسر کے وقار پر حملہ پوری سروس سے وابستہ افسران کے (باقی صفحہ 4پر)

حادثات اور خودکشی کی کوششوں کی روک تھام کیلئے اقدام، جہلم پر سٹی برج کی فینسنگ مکمل

دیگر حساس مقامات پر بھی ایسے اقدامات کیے جائیں گے: ڈپٹی کمشنر سرینگر



سرینگر/ 16 اکتوبر/ این این بی// ضلع انتظامیہ سرینگر نے دریائے جہلم پر واقع سٹی برج پر حفاظتی باڑ لگانے کا کام مکمل کر لیا ہے کی بات کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد پل سے حادثاتی طور پر لوگوں کے دریا میں گرنے کے واقعات اور خودکشی کی کوششوں کو روکنا ہے۔ نیشنل نیوز بیورو کے مطابق بڈشاہ پل کا دورہ کرنے کے دوران نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 4پر)

خاتون جے کے اے ایس افسر سے مبینہ بدسلوکی کا معاملہ

قومی کمیشن برائے خواتین کا از خود نوٹس

سرینگر،16 اکتوبر(یو پی آئی) قومی کمیشن برائے خواتین نے جموں وکشمیر میں سینئر آئی اے ایس افسر کمار راجیو رنجن کی جانب سے خاتون جے کے اے ایس افسر بینش وانی کے ساتھ مبینہ بدسلوکی، توہین اور دھمکیوں سے متعلق وائرل ویڈیو کا از خود نوٹس لیا ہے۔ کمیشن نے جموں وکشمیر کے چیف سیکریٹری کو خط لکھ کر ویڈیو کی تصدیق، غیر جانب دارانہ تحقیقات اور الزامات ثابت ہونے کی صورت میں مناسب تادیبی و قانونی کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ قومی کمیشن برائے خواتین کی چیئرپرسن وجیا راہٹکر نے چیف سیکریٹری سے اس معاملے میں ضروری اقدامات کرنے کو کہا ہے۔ وائرل ویڈیو میں مبینہ طور پر محکمہ محنت و روزگار کے انتظامی سیکریٹری کمار راجیو رنجن کو ایک سرکاری جائزہ اجلاس کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور جے کے اے ایس افسر بینش (باقی صفحہ 4پر)

اتوار کو سری نگر کے کچھ حصوں میں ٹریفک پابندیاں عائد کی جائیں گی

پولیس سائیکل ریس کے پیش نظر ٹریفک ایڈوائزری جاری

سری نگر: 16 اکتوبر: جموں وکشمیر پولیس کے زیر اہتمام سائیکل ریس 'پیڈل تھرو پیراڈائز 2026' کے لیے اتوار، 18 اکتوبر کو سری نگر کے کچھ حصوں میں ٹریفک پابندیاں عائد کی جائیں گی، جس میں گاڑی چلانے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ تکلیف سے بچنے کے لیے متبادل راستے استعمال کریں۔ سری نگر ٹریفک پولیس کی طرف سے جاری کردہ ایک ایڈوائزری کے مطابق بلیوارڈ روڈ پر للت گھاٹ سے ہروان براستہ شالیمار، اور للت گھاٹ سے پنڈچ براستہ زکورا، صبح 5 بجے سے تقریب کے اختتام تک محدود رہے گی۔ یہ دوڑ دو راستوں پر ہوگی: للت گھاٹ (پولیس گالف کورس) سے ناگبل چوک براستہ فارشور روڈ، اور للت گھاٹ سے ہارون براستہ شالیمار۔ ہاروان اور نیو تھیڈ سے سفر کرنے والے موٹر سائیکلوں کو مشورہ (باقی صفحہ 4پر)

کشمیر میں 17 سے 31 اکتوبر تک ٹرین خدمات متاثر

سرینگر/ 16 اکتوبر/ یو این ایس/ شمالی ریلوے نے موسم سرما سے قبل ریلوے پٹریوں کی ضروری مرمت اور درجہ حرارت میں تبدیلی کے اثرات کو دور کرنے کے کام کے پیش نظر کشمیر میں دو ٹرین خدمات کو 17 اکتوبر سے 31 اکتوبر تک 15 روز کے لیے منسوخ کر دیا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق یہ کام موسم سرما کے دوران ٹرینوں کی محفوظ آمد و رفت کو یقینی بنانے اور وادی میں ریلوے بنیادی ڈھانچے کو سرد موسم کے لیے تیار کرنے کے مقصد سے انجام دیا جا رہا ہے۔ منسوخ کی گئی ٹرینوں میں ٹرین نمبر 74615 شامل ہے، جو بانہال سے بارہمولہ تک چلتی ہے، جبکہ ٹرین نمبر 74620 بارہمولہ (باقی صفحہ 4پر)

پونچھ میں چار مقامات پر تلاشی آپریشن

سرحدی علاقوں میں نگرانی سخت

سرینگر،16 اکتوبر(یو پی آئی) جموں وکشمیر کے سرحدی ضلع پونچھ میں سیکورٹی انتظامات مزید سخت کرتے ہوئے جمعہ کو سیکورٹی فورسز اور پولیس نے چار مقامات پر تلاشی آپریشن شروع کیے۔ حکام کے مطابق، ان کارروائیوں کا مقصد (باقی صفحہ 4پر)

کشتواڑ میں ایس پی او بشیر احمد کی لاش برآمد، قریب ہی سروس رائفل بھی ملی

سرینگر،16 اکتوبر(یو پی آئی) جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ میں اسپیشل پولیس آفیسر (ایس پی او) بشیر احمد کی لاش جمعہ کی علی الصبح ان کے گھر کے قریب سے برآمد ہوئی۔ لاش کے قریب ہی ان کی سروس رائفل بھی پائی گئی، جس کے بعد پولیس نے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق، بشیر احمد جمعرات کی دیر شام لاپتہ ہو گئے تھے۔ ان کی گمشدگی کے بعد تلاش جاری تھی، جس دوران جمعہ کی صبح ان کی لاش گھر کے قریب برآمد ہوئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے اور ضروری کارروائی شروع کی۔ پولیس ذرائع کے مطابق، لاش کے قریب سے برآمد ہونے والی سروس رائفل کو تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ فارنسک سائنس لیبارٹری (ایف ایس ایل) کی ٹیم نے بھی جائے وقوعہ (باقی صفحہ 4پر)

سرینگر میں SMC کا وارڈ افسر 10 ہزار روپے رشوت لیتے گرفتار/ سی بی آئی

سی بی آئی نے افسر کو رنگے ہاتھوں رشوت لیتے دھر لیا

سرینگر/ 16 اکتوبر/ این این بی// رشوت خور سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے مرکزی تفتیشی بیورو نے سرینگر میونسپل کارپوریشن کے وارڈ افسر کو 10 ہزار روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ نیشنل نیوز بیورو کے مطابق مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے سرینگر میونسپل کارپوریشن کے صفا کدل وارڈ میں تعینات ایک وارڈ افسر کو مبینہ طور پر 10 ہزار روپے رشوت طلب کرنے اور وصول کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ سی بی آئی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق، ملزم وارڈ افسر کے خلاف 15 اکتوبر 2026 کو ایک شکایت کی بنیاد پر رشوت خوری کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ شکایت کنندہ نے الزام عائد کیا تھا کہ وارڈ افسر نے اس کی رہائش گاہ پر جاری معمولی مرمتی کام کو جاری رکھنے کی اجازت دینے کے عوض 10 ہزار روپے رشوت طلب کی تھی۔ شکایت موصول ہونے کے بعد سی بی آئی نے معاملے کی کارروائی آگے بڑھاتے ہوئے 15 اکتوبر کو ایک جال بچھایا۔ اس کارروائی (باقی صفحہ 4پر)

موبائل گاڑی حادثے میں ایک ہلاک

سرینگر: کپواڑہ لولاب کے زب کھرہامہ میں جمعہ ٹاٹا موبائل گاڑی کو پیش آئے حادثے میں 45 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا حادثے کے نتیجے میں گاڑی میں سوار دوسرے شخص بشیر احمد کھٹانہ ساکن زب کھرہامہ شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں فوری طور پر سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام پہنچایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔

سکوٹی سوار کی حادثے میں موت

سرینگر: جموں شہر میں روٹری چوک کے قریب جمعہ کو ایک سڑک حادثے میں 65 سالہ اسکوٹی سوار کی موت واقع ہوگئی۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک نامعلوم ٹینکر نے اسکوٹی کو ٹکر مار دی اور سکوٹی سوار جائے حادثہ پر ہی دم توڑ گیا۔ جاں بحق شخص کی شناخت کلدیپ، ساکن جین بازار، جموں شہر کے طور پر کی گئی ہے۔

رہائشی مکان پولیس نے کیا منسلک

سرینگر: اننت ناگ پولیس نے بجبہاڑہ کے گڈھنگی پورہ میں ایک مبینہ منشیات فروش کا تقریباً 50 لاکھ روپے مالیت کا دومنزلہ رہائشی مکان منسلک کر دیا ہے۔ یہ کارروائی این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68-F کے تحت عمل میں لائی گئی۔ پولیس بیان کے مطابق، منسلک کیے گئے مکان کے مالک کی شناخت بشیر احمد ڈار، بجبہاڑہ کے طور پر ہوئی ہے۔

اے سی بی کی چھاپہ ماری

سرینگر: ضلع ادھم پور میں اینٹی کرپشن بیورو کی ٹیموں نے پانچ مقامات پر چھاپے مارے ہیں جمعہ کو مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی جاری تھی چھاپوں کے دوران کن مقامات کی تلاشی لی جا رہی ہے اور اس کارروائی کے پیچھے کیا وجوہات ہیں، اس بارے میں حکام کی جانب سے تاحال باضابطہ طور پر کوئی تفصیلات جاری نہیں کی ہیں

ریچھ حملے میں خاتون زخمی

سرینگر: ضلع ادھم پور کی تحصیل پنچاری کے نلیاں علاقے میں جمعہ کو ایک جنگلی ریچھ نے 29 سالہ خاتون پر حملہ کر کے اسے زخمی کر دیا۔ زخمی خاتون کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا ہے ریچھ کے حملے میں زخمی ہونے والی خاتون کی شناخت کملیش دیوی، ساکن چولنا گاؤں، وارڈ نلیاں کے طور پر ہوئی ہے۔

بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے سالانہ اِمتحانات سے قبل

شکایات کے اَزالے کیلئے ایک سیل قائم کیا

سری نگر/ 16 راکتوبر/ (انفو) جموں وکشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے آئندہ سالانہ اِمتحانات کے دوران متعلقہ فریقین کی اِمتحانات سے متعلق شکایات، مسائل اور اِستفسارات کو حل کرنے کے لئے ایک 'شکایات کے اَزالے اور نگرانی سیل' قائم کیا ہے۔ یہ سیل اِس لئے قائم کیا گیا ہے تاکہ شکایات کا بروقت اَزالہ کیا جا سکے اور اِمتحانات کے دوران پیش آنے والے مسائل کو کم کیا جا سکے۔ یہ سیل شکایات کو درج کرے گا تاکہ ان کا بروقت تصفیہ ہو سکے اور فوری اِصلاحی اقدامات کئے جا سکیں۔ یہ سیل شکایات کا اِندراج کرے گا، ان کے بروقت حل کو یقینی بنائے گا اور جہاں بھی ضروری ہو، اِصلاحی کارروائی عمل میں لائے گا۔ یہ سیل سیکرٹری جموں وکشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن (جے کے بی او ایس اِی) کی براہِ راست نگرانی میں کام کرے گا۔ دریں اثنا، بورڈ نے سینٹر سپر اِنٹنڈنٹوں اور ان کے نگران عملے پر زور دیا ہے کہ وہ اِمتحانات کے تقدس اور شفافیت کی حفاظت کریں اور اِس بات کو یقینی بنائیں کہ اِمتحانات منصفانہ، شفاف اور منظم انداز میں منعقد ہوں۔ بورڈ نے مزید کہا کہ اِمتحانات کے تقدس اور شفافیت کی ہر قیمت پر حفاظت کی جائے گی متعلقہ فریقین اپنی شکایات

jsexamsjd.jkbose@jk.gov.in,
0191-2585732 (جموں کیلئے) اور (باقی صفحہ 4پر)

مشن یوا کے جائزہ اجلاس میں خاتون افسر سے مبینہ بدسلوکی، سینئر آئی اے ایس افسر پر سوالات

افسر کو معطل کرنے کے ساتھ ملازمت سے برطرف کرنے کی سفارش سے متعلق ہدایات بھی دیں

سرینگر،16 اکتوبر(یو پی آئی) جموں وکشمیر میں مشن یوا کے جائزہ اجلاس کے دوران ایک سینئر آئی اے ایس افسر اور خاتون جے کے اے ایس افسر کے درمیان مبینہ تلخ کلامی کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق، سینئر افسر کمار راجیو رنجن نے خاتون افسر بینش وانی کے ساتھ مبینہ طور پر نازیبا زبان استعمال کی اور انہیں معطل کرنے کے ساتھ ملازمت سے برطرف کرنے کی سفارش سے متعلق ہدایات بھی دیں۔ واقعے کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد معاملے پر بحث شروع ہوگئی ہے، تاہم ویڈیو اور اس میں بیان کردہ واقعات کی آزادانہ تصدیق ضروری ہے۔ اطلاعات کے مطابق، یہ واقعہ 14 اکتوبر کو سری نگر کے سول سیکریٹریٹ میں مشن یوا سے متعلق جائزہ اجلاس کے دوران پیش آیا۔ اجلاس میں مشن یوا کے اہداف اور نیشنل رورل لائیولی ہڈس مشن (این آر ایل ایم) کے کردار پر گفتگو ہو رہی تھی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر بینش وانی نے پروگرام کے اہداف حاصل کرنے کے لیے این آر ایل ایم کے تعاون اور مختلف محکموں کے درمیان تال میل سے متعلق امور اٹھائے۔ رپورٹ کے مطابق، کمار راجیو رنجن نے سوال کیا کہ متعلقہ محکمہ اپنے اہداف پورے کرنے کے لیے دوسرے ادارے پر کیوں انحصار کر رہا ہے۔ ان کا مؤقف تھا کہ این آر ایل ایم معاون ادارے کی حیثیت رکھتا ہے، جبکہ اہداف کی تکمیل کی بنیادی ذمہ داری متعلقہ محکمہ اور اس کے افسران پر عائد ہوتی ہے۔ اس پر بینش وانی نے وضاحت کی کہ این آر ایل ایم اصل ذمہ دار ادارہ نہیں، تاہم پروگرام کے نفاذ اور اہداف کی تکمیل میں اس کا تعاون ضروری ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ اسی معاملے پر دونوں افسران کے درمیان بحث شدت اختیار کر گئی۔ بینش وانی جب اپنے محکمے کا موقف پیش کرنے کی کوشش کر رہی تھیں تو سینئر افسر نے مبینہ طور پر انہیں بار بار خاموش رہنے کے لیے کہا۔ خاتون (باقی صفحہ 4پر)

ٹینڈر اور خریداری کے ریکارڈ میں بے ضابطگیوں کا معاملہ، جے کے آر ٹی سی کے جنرل منیجر معطل

سرینگر/ 16 اکتوبر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر حکومت نے جموں وکشمیر روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (جے کے آر ٹی سی) کے جنرل منیجر برائے پرچیزز اینڈ اسٹورز پرویز عبداللہ کو سرکاری ریکارڈ کی دیکھ بھال میں مبینہ خامیوں کے معاملے پر فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری حکومتی حکم نامہ نمبر (TR)JK-91 برائے 2026 کے مطابق، ٹینڈرنگ اور خریداری کے عمل سے متعلق ریکارڈ کو منظم اور بآسانی دستیاب ہونے کے قابل طریقے سے برقرار نہیں رکھا گیا تھا۔ اس صورتحال نے سرکاری فرائض کی انجام دہی، جواب دہی اور سرکاری دستاویزات کی مناسب حفاظت کے حوالے سے سوالات پیدا کیے ہیں۔ حکومت نے معاملے کے حقائق سامنے لانے، ذمہ داری کا تعین کرنے (باقی صفحہ 4پر)

آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر حملوں میں ریکارڈ اضافہ

تہران/16/اکتوبر/(روشنی مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی کے بیچ آبنائے ہرمز اور اس کے اطراف میں تجارتی جہازوں پر حالیہ دنوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق برطانیہ کی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی (یو کے ایم ٹی او) کو موصول ہونے والی رپورٹس کے مطابق پانچ اکتوبر سے 11 اکتوبر کے درمیان 12 جہازوں پر حملے کیے گئے ہیں۔ ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل جنگ کے آغاز کے بعد سے یہ ایک ہفتے کے دوران رپورٹ ہونے والے حملوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ اس سے قبل والے ہفتے میں 10 جہازوں نے حملوں کی اطلاع دی تھی۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق گذشتہ اتوار کو ایک ہی روز میں چھ جہازوں کو نشانہ بنایا گیا تھا، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ جبکہ 12 اکتوبر کے بعد سے اب تک چار مزید حملوں کی اطلاعات موصول ہو چکی ہیں۔ حملوں میں اضافے کے ساتھ ہی آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں گذشتہ ماہ دیکھی جانے والی بحالی کی رفتار بھی سست پڑ گئی ہے۔ تاہم یہ ایک تخمینہ ہے، کیونکہ بعض رپورٹس میں حملے کی تاریخ درج ہے جبکہ بعض میں واقعے کی اطلاع دیے جانے کی تاریخ استعمال کی گئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ماہرین کا کہنا ہے کہ تہران آبنائے ہرمز پر زیادہ کنٹرول قائم کرنے کی کوشش کے تحت جہازوں کو نشانہ بنا رہا ہے، جبکہ امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے سے گزرنے والے اُن ٹینکروں کی تعداد بڑھا دی ہے جنھیں وہ ایرانی حملوں سے بچاتے ہوئے اپنی نگرانی میں یہ آبی گزرگاہ عبور کروا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق ایران آبنائے ہرمز سے نسبتاً دور سمندری علاقوں میں بھی جہازوں پر حملوں میں اضافہ کر رہا ہے۔ امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ، سینٹ کام، نے کہا ہے کہ حملوں کے باوجود 'آبنائے ہرمز سے تجارتی بحری آمد و رفت جاری ہے اور امریکی افواج اور علاقائی شراکت داروں کی مربوط حفاظت کے تحت جہازوں کی نقل و حرکت برقرار ہے۔' دوسری جانب رواں ہفتے کے دوران مشرقِ وسطیٰ میں غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان دیکھا گیا ہے اور جمعہ کو برینٹ کروڈ کی قیمت 105.42 ڈالر فی بیرل ہے۔

چین کا اسرائیل سے مغربی کنارے میں بستیوں کے 'زبردستی قیام' کو روکنے کا مطالبہ

دو ریاستی حل ہی درست سمت ہے۔ چینی وزیرِ خارجہ وانگ یی

بیجنگ/16/اکتوبر/(روشنی مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے وزیرِ خارجہ وانگ یی نے اسرائیل سے کہا ہے کہ وہ مغربی کنارے میں بستیوں کے 'زبردستی قیام' کو روکے اور اپنے اقدامات واپس لے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق وانگ نے آذربائیجان میں ایک کانفرنس کے موقع پر اسرائیلی صدر آئزک ہرزوگ سے بالمشافہ ملاقات میں کہا کہ 'فلسطینی مسئلہ' 'اس صدی کی سب سے بڑی تاریخی ناانصافی' ہے۔ بیجنگ طویل عرصے سے فلسطینی مؤقف کا حامی رہا ہے اور اس کا کہنا ہے کہ 'دو ریاستی حل ہی درست سمت ہے۔' چین نے خود کو مشرقِ وسطیٰ کے تنازعات میں ایک ثالث کے طور پر بھی پیش کیا ہے۔ سنہ 2023 میں بیجنگ نے برسوں کی کشیدگی کے بعد ایران اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی تعلقات کی بحالی کے لیے ایک معاہدے میں ثالثی کی تھی۔ رواں سال کے آغاز میں وہ پاکستان کے ساتھ مل کر ایران کے خلاف امریکہ۔ اسرائیل جنگ میں جنگ بندی کی تجویز پیش کرنے کی کوششوں کا بھی حصہ تھا۔ غزہ کی جنگ سے نمٹنے کے لیے بیجنگ کی کوششوں کا مرکز فلسطینی اتحاد رہا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ سنہ 2024 میں بیجنگ نے حریف فلسطینی دھڑوں کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ جنگ کے بعد مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کے لیے ایک عبوری 'قومی مفاہمتی حکومت' تشکیل دینے پر اتفاق کریں، تاہم اس پر کبھی عمل درآمد نہ ہو سکا۔ اب وانگ کا کہنا ہے کہ فوری ترجیح غزہ تک رسائی کو مکمل طور پر کھولنا اور جاری انسانی تباہی کے پھیلاؤ کو روکنا ہے۔ وانگ نے کہا کہ چین عالمی برادری کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے تاکہ فریقین کو دوبارہ مذاکرات کی طرف لایا جا سکے اور تنازع کے سیاسی حل کی کوشش کی جا سکے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں ہرزوگ نے کہا کہ وہ وانگ سے ملاقات پر خوش ہیں اور ان کی گفتگو میں ہمارے ممالک کے تعلقات اور مشرقِ وسطیٰ کی صورتِ حال پر توجہ مرکوز رہی۔ چین ایران کے ساتھ قریبی تعلقات رکھتا ہے اور ایرانی تیل کا سب سے بڑا خریدار ہے۔ ایران کے جوہری پروگرام کے باعث اس تیل پر ماضی میں امریکی پابندیاں عائد کی گئی تھیں۔ جنگ بندی کے ایک سال بعد بھی غزہ کے لوگ اسرائیلی حملوں، بے دخلی اور خوراک کے تحفظ سے متعلق مسائل کے مستقل خطرے کے سائے میں زندگی گزار رہے ہیں۔ اگرچہ بڑے پیمانے کی بمباری رک چکی ہے، تاہم اسرائیل نے غزہ میں تقریباً روزانہ کی بنیاد پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اکتوبر 2025 میں جنگ بندی شروع ہونے کے بعد سے ایک سال کے دوران اسرائیلی حملوں میں 1,400 سے زیادہ فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔

سلامتی کونسل کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت

نیویارک/16/اکتوبر/(روشنی مانیٹرنگ ڈیسک) اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے اراکین نے ایک بیان میں حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کی مذمت کی ہے، جن میں ان کے بقول شہری ہوائی اڈوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق اراکین نے بحیرہ احمر اور آبنائے باب المندب میں تجارتی جہازوں کے خلاف حوثیوں کے مسلسل حملوں اور دھمکیوں کی بھی مذمت کی۔ سلامتی کونسل کے بیان میں تجارتی جہازوں اور ان کے عملے کی حفاظت کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ بیان میں بین الاقوامی قوانین، بالخصوص اقوام متحدہ کے سمندری قوانین کے کنونشن کی پابندی اور جہاز رانی کے حقوق اور آزادیوں کے تحفظ کی ضرورت پر بھی تاکید کی گئی۔ سلامتی کونسل کے اراکین نے اپنے بیان میں کہا کہ یمن میں پائیدار امن تشدد، جبر یا طاقت کے استعمال کے ذریعے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے یمن کے مسئلے کے سیاسی حل کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ اس تنازع کا مستقل حل مذاکرات اور سیاسی عمل کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ادھر سعودی عرب کی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے اپنے ایک بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے جمعے کی صبح سعودی عرب کے مشرقی صوبے کی جانب بڑھنے والے ایک ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کر دیا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق سعودی اتحاد نے اپنے ایک مختصر بیان میں کہا کہ اس ڈرون کو راستے میں روک کر تباہ کر دیا گیا، تاہم بیان میں یہ نہیں بتایا گیا کہ میزائل کس نے داغا تھا یا اس کا ہدف کیا تھا۔ بیان میں کسی جانی نقصان یا مالی نقصان کی تفصیلات بھی نہیں دی گئیں۔ دوسری جانب یمن کے شمالی سرحدی صوبے صعدہ میں گولہ باری کی اطلاعات ہیں۔

جموں کشمیر کے نوجوانوں کا استحصال آج بھی جاری

سیاسی لیڈران اس معاملے میں اللہ کے حضور باز پُرس ہوں گے۔ مولانا اخضر حسین

سرینگر/16/اکتوبر/(پریس ریلز) علمائے احناف کے سربراہ اور سرکردہ خطیب پیرزادہ مولانا اخضر حسین نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں نوجوانوں کا استحصال دہائیوں سے جاری ہے اور آج بھی سیاستدان صرف سیاست کرتے ہیں لیکن انہیں ایسے بے روزگار نوجوانوں کی کوئی پروا نہیں جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود بھی بے روزگاری کی وجہ سے ذہنی کوفت کے شکار ہو چکے ہیں۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں پیرزادہ مولانا اخضر حسین نے کہا کہ ہم نوجوانوں کے مسائل اور ان کی آواز 2007 سے منشیات کے خلاف لگاتار اُٹھاتے آئے ہیں تاہم ایل کے دفتر میں اس کا کریڈٹ ان جماعتوں کو ملا اور ان کی حوصلہ افزائی کی گئی جنہوں نے زمینی سطح پر منشیات کے خلاف کوئی کام نہیں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ہر فورم اور ہر پلیٹ فارم پر نوجوانوں کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی یاددہانی کراتے آئے ہیں جس کے نتیجے میں ہمیں کافی تکالیف بھی پہنچائی گئیں۔ مولانا نے مزید کہا کہ یہاں کے سیاسی لیڈران صرف اپنی کرسی اور عہدوں کو بچانے کیلئے تگ و دو کرتے ہیں لیکن نوجوانوں کے مسائل کے ازالہ کیلئے ان کے پاس کوئی وقت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا کرنا سیاسی لیڈران کی منصبی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے لیڈران سے مخاطب ہو کر کہا کہ وہ آخرت میں اللہ کے حضور کیا جواب دیں گے۔ مولانا اخضر حسین نے جموں کشمیر کے وزیر اعلیٰ، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور مرکزی سرکار کے ذمہ داروں سے بھی اپیل کی ہے کہ جموں کشمیر خاص کر وادی کشمیر کے بے روزگار نوجوانوں کی طرف توجہ دی جائے۔

ایم جی ونڈسر انڈیوولج ایڈیشن 17,99,800 روپے (ایکس شوروم) کی قیمت پر لانچ

بزنس کلاس آرام و آسائش کا ایک نیا اور پُرتعیش انداز متعارف

سرینگر/16/اکتوبر/(پریس ریلز) ایم جی ونڈسر انڈیولج ایڈیشن میں خصوصی ڈیول ٹون ایکسٹیریئر دیا گیا ہے، جس میں شیڈو گولڈ باڈی کلر کے ساتھ متضاد بلیک روف شامل ہے، جو گاڑی کو ایک پُرکشش اور نفیس شناخت فراہم کرتا ہے۔

*بلیک ORVMs اور R-18 بلیک الائے وہیلز گاڑی کی بیرونی خوبصورتی میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔

* کیبن میں اربن ٹین اور بلیک اپہولسٹری کا نیا امتزاج دیا گیا ہے، جبکہ فرنٹ ہیڈریسٹس پر 'انڈیولج' کی خصوصی کڑھائی کی گئی ہے۔

* ایم جی ونڈسر انڈیولج ایڈیشن میں پچھلی نشستوں پر بیٹھنے والے مسافروں کے آرام کو مزید بہتر بنانے کے لیے 'Screen PRIVE' معیاری طور پر فراہم کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ خصوصی انڈیولج بیجنگ والے پریمیم تکیے اور نیک کشنز بھی شامل ہیں۔

* خصوصی ایکسیسری پیکیج میں ریئر سن شیڈ، تھیم پر مبنی تھری ڈی میٹس، فرنٹ گرل کے لیے کروم ایکسنٹس، بمپر کارنر پروٹیکٹرز، باڈی سائیڈ مولڈنگ اور پریمیم لیدر کی کور شامل ہیں۔

روگرام، اکتوبر 2026: MG JSW موٹر انڈیا نے آج ایم جی ونڈسر انڈیولج ایڈیشن متعارف کرانے کا اعلان کیا، جو ہندوستان کی نمبر ون الیکٹرک گاڑی (EV) کا ایک مزید پُرتعیش انداز ہے۔ 38 کلو واٹ آور (kWh) بیٹری پیک سے لیس یہ گاڑی 100 کلوواٹ (136 پی ایس) پاور اور 200 نیوٹن میٹر ٹارک فراہم کرتی ہے، جبکہ اس کی تصدیق شدہ ڈرائیونگ رینج 332 کلومیٹر# ہے۔ ایم جی ونڈسر کے مستقبل سے ہم آہنگ ڈیزائن، کشادہ اندرونی حصے اور منفرد بزنس کلاس آرام و آسائش کی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے، انڈیولج ایڈیشن میں خصوصی انداز اور انفرادیت کی ایک نئی جہت شامل کی گئی ہے۔ اس خصوصی ایڈیشن میں شیڈو گولڈ باڈی کلر کے ساتھ بلیک روف کا دلکش امتزاج دیا گیا ہے۔ بلیک ORVMs، R-18 بلیک الائے وہیلز اور C-پلر پر خصوصی 'انڈیولج' بیجنگ گاڑی کے پریمیم انداز کو مزید نمایاں کرتے ہیں اور اسے ایک منفرد شناخت فراہم کرتے ہیں۔ گاڑی کے اندرونی حصے میں اربن ٹین اور بلیک اپہولسٹری کا خصوصی امتزاج پیش کیا گیا ہے، جو کیبن کے ماحول کو مزید گرم جوش، پُرکشش اور نفیس بناتا ہے۔ فرنٹ ہیڈریسٹس پر 'انڈیولج' کی خصوصی کڑھائی اس ایڈیشن کی منفرد شناخت کو مزید مستحکم کرتی ہے۔ بزنس کلاس کے تجربے کو مزید بہتر بنانے کے لیے ایم جی ونڈسر انڈیولج ایڈیشن میں دوسری قطار میں بیٹھنے والے مسافروں کے لیے 'ScreenPRIVE' معیاری طور پر فراہم کی گئی ہے، جو پچھلی نشستوں پر سفر کرنے والوں کے لیے اضافی سہولت اور تفریح فراہم کرتی ہے۔ اس پیکیج میں انڈیولج تھیم کے خصوصی کشنز اور گردن کے تکیے بھی شامل ہیں، جو آرام و آسائش اور انفرادیت میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ ان صارفین کے لیے جو اپنی گاڑی میں مزید منفرد انداز اور آرام و آسائش چاہتے ہیں، منتخب لوازمات کی ایک خصوصی رینج بھی دستیاب ہوگی، جس کے ذریعے وہ اپنی پسند کے مطابق ونڈسر انڈیولج ایڈیشن کو مزید ذاتی انداز دے سکیں گے۔ گاڑی کے لانچ کے موقع پر MG JSW موٹر انڈیا کے چیف کمرشل آفیسر، ونے رائنا نے کہا: ''ایم جی ونڈسر نہ صرف ہمارے لیے بلکہ الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے کے لیے بھی ایک اہم پروڈکٹ ہے، کیونکہ اس نے ان صارفین کو بھی الیکٹرک موبلٹی اپنانے کی ترغیب دی ہے جو اب تک اس سلسلے میں فیصلہ نہیں کر پا رہے تھے۔ محض 24 ماہ میں 80,000 سے زائد خاندانوں تک پہنچنا ایک غیر معمولی کامیابی ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ ونڈسر اپنے صارفین کو کس قدر قدر و قیمت فراہم کرتی ہے۔ اس کامیابی کو آگے بڑھاتے ہوئے، انڈیولج ایڈیشن میں خصوصی تبدیلیوں اور کیبن کے مزید بہتر تجربے کو شامل کیا گیا ہے، جو صارفین کو ونڈسر کے منفرد طرزِ زندگی کا ایک زیادہ پریمیم اور ان کی پسند کے مطابق انداز فراہم کرتا ہے۔ یہ ایڈیشن صارفین کی بدلتی ہوئی ترجیحات کے مطابق اپنی مصنوعات کو مسلسل بہتر بنانے کے ہمارے عزم کی عکاسی کرتا ہے، جبکہ ان خصوصیات کو بھی برقرار رکھتا ہے جنہوں نے ونڈسر کو الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے میں ایک پسندیدہ انتخاب بنایا ہے۔'' ہندوستان کی پہلی انٹیلی جنٹ CUV کے طور پر ایم جی ونڈسر، سیڈان کی کشادگی اور آرام کو SUV کی ہمہ جہت افادیت اور باوقار موجودگی کے ساتھ یکجا کرتی ہے، جس سے شہری نقل و حمل کے شعبے میں ایک نیا معیار قائم ہوتا ہے۔ ایم جی ونڈسر کا مستقبل سے ہم آہنگ 'ایروگلائیڈ' ڈیزائن فلسفہ روایتی گاڑیوں کے زمروں سے آگے بڑھ کر ایک منفرد انداز پیش کرتا ہے۔ گاڑی کے اندر بزنس کلاس آرام و آسائش فراہم کرنے والی ایرولاؤنج سیٹس موجود ہیں، جنہیں 135 ڈگری تک پیچھے جھکایا جا سکتا ہے، تاکہ مسافروں کو غیر معمولی آرام میسر آئے۔ کیبن کے تجربے کو مزید بہتر بنانے کے لیے سینٹر کنسول میں 15.6 انچ کا وسیع 'گرینڈ ویو ٹچ ڈسپلے' دیا گیا ہے، جو ڈرائیونگ کے دوران آسان، جدید اور بہتر تجربہ فراہم کرتا ہے۔

نوٹ: اصل پریس ریلیز میں موجود *\ اور # کے نشانات کے لیے وضاحتی نوٹس فراہم نہیں کیے گئے، اس لیے انہیں یہاں بھی برقرار رکھا گیا ہے۔

اتر ریلوے

ای-ٹنڈر نوٹس

ٹنڈر نوٹس نمبر:- 770-W/01/WA/JAT/2025 53-2026-27-PTK-DRM-JAT, 64-2026-27-PTK-DRM-JAT, 65-2026-27-PTK-DRM-JAT, 68-2026-27-DRM-JAT, 69-2026-27-PTK-DRM-JAT, 70-2026-27-JAT-DRM-JAT (to be opened on 09.11.2026) صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے کام کرتے ہوئے نیچے دیے گئے مضمون والی ٹنڈر کے خلاف اوپن ٹنڈرز (ای-ٹنڈرز) طلب کرتی ہیں اور یہ دستیاب ہیں جن کی آخری تاریخ 09.11.2026 کو 15:00 بجے تک ہے۔ بولی دھندہ اپنی اصل بولیاں صرف بند ہونے کی تاریخ و وقت تک ہی جمع کر سکیں گے۔ ان ٹنڈرز کے خلاف مینوئل پیشکش کی اجازت نہیں ہے اور موصل ہونے والی ایسی کسی بھی مینوئل پیشکش کو نظر انداز کر دیا جائے گا۔ ٹھیکیداروں کو اس ٹنڈر کے خلاف ٹنڈر لاگت اور بیعانہ رقم کی ادائیگی صرف آئی آر ای پی ایس (IREPS) پورٹل پر دستیاب ادائیگی طریقوں جیسے نیٹ بینکنگ، ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کے ذریعے سے کرنے کی اجازت ہے۔

نمبر شمار	ٹنڈر نمبر	ٹنڈر کی تفصیل	اشتہاری قیمت (روپے)	پیشکش کی اہلیت	تکمیل کی میعاد
1	53-2026-27 PTK-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر پٹھان کوٹ کے زیر اختیار علاقہ کے DNN یارڈ میں کلو میٹر 8-82/7 پر دوپہیا گاڑیوں کیلئے 3.6 میٹر چوڑے ڈھکے ہوئے ہلکے روڈ اوور برج (ROB) کی تعمیر۔	5,99,44,160.14	60دن	12ماہ
2	64-2026-27-PTK-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر پٹھان کوٹ کے زیر اختیار علاقہ کے تحت KNDI اسٹیشن پر فٹ اوور برج (FOB) کے بقایا کاموں اور دیگر مختلف کاموں کی فراہمی کا کام۔	54,08,621.59	60دن	06ماہ
3	65-2026-27-PTK-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر پٹھان کوٹ کے زیر اختیار علاقہ کے تحت PTK اور PTKC اسٹیشن پر میں چل رہے جل کلورینیٹر کا بندوبست۔	74,60,823.56	60دن	06ماہ
4	68-2026-27-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر پٹھان کوٹ کے زیر اختیار علاقہ کے تحت آنے والے PTK, PTKC, BHRL, SJNP, MDPB, KNDI, MRTL, SRM اور JK اسٹیشن یارڈوں میں سدھار کاموں سے متعلق فلیش بٹ ویلڈنگ کا کام۔	1,52,71,995.96	60 دن	12 ماہ
5	69-2026-27-PTK-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر پٹھان کوٹ کے زیر اختیار علاقہ کے تحت آنے والے BPRS, CGH, TDO, KZX, DZA, UCB, MEX, and BNGL اسٹیشن یارڈوں میں سدھار کاموں سے متعلق فلیش بٹ ویلڈنگ کا کام۔	2,63,35,039.56	60 دن	12 ماہ
6	70-2026-27-JAT-DRM-JAT	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر جموں کے زیر اختیار علاقہ کے تحت سینئر سیکشن انجینئر/ریل پتھ/کٹھوا کے سیکشن میں مختلف ٹریک جانچ کاموں کے لئے مختلف استھائی مارگ (P.Way) زون کام۔	1,24,64,937.50	60 دن	12 ماہ

نوٹ: 1. ٹھیکیداروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بولی لگانے سے پہلے اس ٹنڈر کے خلاف جاری کسی بھی تصحیح نامہ (Corrigendum) کے لئے آئی آر ای پی ایس (IREPS) ویب سائٹ ضرور دیکھیں۔ 2. اگر ہندی اشتہار میں کوئی تضاد پایا جاتا ہے تو، انگریزی مضمون ہی درست ہوگا۔

3606/2026

صارفین کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

امریکی ریاست اوریگن کے سکول میں

فائرنگ سے چار افراد ہلاک، 'حملہ آور بھی مارا گیا'

واشنگٹن/16/اکتوبر/(روشنی مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ کے ایک سکول میں فائرنگ کے واقعے میں کم سے کم چار افراد ہلاک ہو گئے ہیں جبکہ حملہ آور بھی مارا گیا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق واقعہ ریاست اوریگن کے شہر بینڈ میں واقع سلور ریل ایلیمنٹری سکول میں پیش آیا۔ بتایا جاتا ہے کہ بینڈ پولیس کی ترجمان شیلا ملر نے تصدیق کی ہے فائرنگ کرنے والا شخص بھی ہلاک ہو چکا ہے۔ تاہم یہ واضح نہیں کہ آیا وہ بھی ہلاک ہونے والے پانچ افراد میں شامل ہے۔ پولیس کا کہنا ہے قریباً سکول کے باہر فائرنگ کی اطلاع ملنے پر جب اہلکار وہاں پہنچے تو سکول کے اندر سے ہنگامی موصول ہوئی۔ بتایا جاتا ہے کہ پولیس کے سکول کے اندر جانے کے کچھ ہی دیر بعد حملہ آور کو گرتے ہوئے دیکھا گیا جسے گولی لگی تھی، تاہم ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ اسے پولیس نے گولی ماری، کسی اور نے نشانہ بنایا یا پھر اس نے خود کو گولی ماری۔ بتایا جاتا ہے کہ مقامی پولیس اہلکاروں نے پورے سکول اور کمروں کی تلاشی لی اور تمام لوگوں کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا جبکہ اس وقت بھی وہاں سکیورٹی موجود ہے اور قریبی علاقے میں بھی سکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ اوریگن کے محکمہ تعلیم کے مطابق اس سکول میں چار سو 59 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ یہاں کنڈرگارٹن سے پانچویں جماعت تک کے بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ سکول پورٹ لینڈ شہر سے تقریباً 160 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع ہے۔

بار کا امتحان پاس کرنے میں ناکام رہی تھی

: وائٹ ہاس کی نئی پریس سکریٹری کا اعتراف

واشنگٹن/16/اکتوبر/(پی ایس آئی) وائٹ ہاس کی نئی پریس سیکریٹری کیٹی زکریا نے تصدیق کی ہے کہ وہ بار کا امتحان پاس کرنے میں ناکام رہی تھیں۔ کیٹی زکریا کو اپنی قانونی اہلیت اور ڈگریوں کے بارے میں بڑھتے ہوئے سوالات اور شکوک کا سامنا ہے، ماضی میں انہوں نے کہا تھا کہ سیاست میں آنے سے پہلے وہ بطور وکیل کام کر چکی ہیں۔ امریکہ میں لا سکول سے فارغ التحصیل افراد کو کسی ریاستی بار میں داخلہ حاصل کیے بغیر وکیل کے طور پر قانونی پریکٹس کرنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ فاکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں میزبان نے ان سے سوال کیا کہ کیا یہ درست ہے کہ آپ نے پیپرڈائن لا سکول سے تعلیم حاصل کی، لیکن آپ بار کا امتحان پاس نہیں کر سکیں۔ کیٹی زکریا نے جواب دیا جی ہاں۔ پھر ان سے پوچھا گیا کہ کیا انہوں نے پہلی بار ناکامی کے بعد دوبارہ کبھی امتحان دیا، تو انہوں نے کہا کہ نہیں، انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ کیٹی زکریا نے بتایا کہ گریجویشن کے بعد وہ چین منتقل ہو گئی تھیں اور ایک چینی لا فرم میں وکیل کے طور پر کام کرتی رہی تھیں۔ اکاؤنٹیبلٹی کمپین نامی ایک نگران تنظیم نے اس معاملے کی تحقیقات شروع کرنے کے لیے کیلیفورنیا بار ایسوسی ایشن سے درخواست کی تھی۔ وائٹ ہاس اس سے قبل کیٹی زکریا کی اہلیت اور قانونی پس منظر کے بارے میں اٹھنے والے شکوک کے خلاف ان کا دفاع کر چکا تھا۔ وائٹ ہاس کے ڈائریکٹر برائے مواصلات سٹیون چیونگ نے ان کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ کیٹی زکریا منفرد صلاحیتوں کی حامل ہیں، انتہائی ذہین ہیں اور امریکی عوام کو آگاہ کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ گذشتہ ہفتے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے زکریا کی تقرری کا اعلان کرتے ہوئے انہیں وکیل قرار دیا تھا، جبکہ کیٹی زکریا بھی ماضی میں خود کو وکیل بتاتی رہی ہیں۔ تاہم منگل کو ایک صحافی نے جب ان سے پوچھا کہ انہوں نے امریکہ کی کس ریاست میں وکالت کے لیے لازمی بار کا امتحان پاس کیا تھا، تو انہوں نے جواب دیا جب میں چین منتقل ہوئی تھی۔ دوسری جانب دستیاب ریکارڈ سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ زکریا جن ریاستوں میں رہتی رہی ہیں ان میں سے وہ کس بار ایسوسی ایشن میں رجسٹرڈ ہیں۔ اپنی قانونی اہلیت سے متعلق سوالات کے جواب میں زکریا نے ایک بیان میں کہا کہ میں نے بین الاقوامی کاروباری لین دین سے متعلق قانونی شعبے میں کام کیا ہے اور اس کے لیے میرے پاس تمام ضروری اسناد موجود ہیں۔

مسئلہ فلسطین کا مستقل حل مقبوضہ بیت المقدس کے دارالحکومت کے ساتھ ایک آزاد ریاست کے قیام کا قیام ہے: ترکیہ

انقرہ/16/اکتوبر/(پی ایس آئی) ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاقان فیدان نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ مسئلہ فلسطین کا دائمی اور مستقل حل سنہ 1967 کی حدود پر مبنی ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کا متقاضی ہے، جس کا دارالحکومت مقبوضہ بیت المقدس ہو۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فلسطینی عوام کے ناقابل تنسیخ حقوق کی حمایت اور غاصب اسرائیلی مظالم کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک بااصول اور پرعزم موقف اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہاقان فیدان نے آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں منعقدہ سیکا کے ساتویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا جہاں انہوں نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے نمائندے کے طور پر شرکت کی۔ ترک وزیر خارجہ نے کانفرنس کے تمام ارکان کی جانب سے امن اور باہمی اعتماد کے اصولوں کی پاسداری کی اہمیت پر زور دیا، نیز اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ فلسطینیوں کے خلاف قابض اسرائیل کی طرف سے کی جانے والی مسلسل پامالیاں ان تمام اصولوں کی کھلی ورزی ہیں۔ ہاقان فیدان نے کہا کہ غاصب اسرائیل کانفرنس کا رکن ہونے کے ناطے ایک ایسے منظم جبر کی پالیسی پر گامزن ہے جو فلسطینی عوام کے بنیادی حقوق کی پامالی کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ مرحلہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ سیکا کا رکن ہونے کی حیثیت سے فلسطین کے حقوق کی حمایت کی جائے اور جاری مظالم اور شدید خلاف ورزیوں کے سامنے ایک واضح اور جاندار موقف اختیار کیا جائے۔ ترکیہ کا یہ سخت موقف اکتوبر سنہ 2023 سے غزہ میں جاری غاصب اسرائیلی نسل کشی کی جنگ کے پس منظر میں سامنے آیا ہے، جو مغربی کنارے میں فلسطینیوں اور ان کی املاک پر بڑھتے ہوئے حملوں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مقبوضہ فلسطینی علاقوں سے انخلا اور فلسطینی ریاست کے قیام کو غاصب اسرائیل کی جانب سے مسلسل مسترد کیے جانے کے عین مطابق ہے۔ اس کے علاوہ، ہاقان فیدان نے مصنوعی ذہانت کو تصادم یا اجارہ داری کا ذریعہ بنانے کے بجائے اسے ہمہ گیر تعاون کی بنیاد بنانے کی ضرورت پر زور دیا، اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ ممالک کے درمیان باہمی روابط کا فروغ پورے ایشیا میں پائیدار ترقی کو تقویت دے سکتا ہے۔ واضح رہے کہ سیکا کانفرنس مکالمے اور تعاون کے ایک مشترکہ فریم ورک کے تحت 28 ممالک کو ایک جگہ اکٹھا کرتی ہے، جبکہ اس کے رکن ممالک ایشیا کے تقریباً 90 فیصد رقبے اور دنیا کی نصف سے زائد آبادی پر مشتمل ہیں۔

لداخ میں جے اینڈ کے بینک کے ادارہ جاتی روابط مزید مستحکم

سری نگر/16/اکتوبر/سرور مقبول/جے اینڈ کے بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سدھیر گپتا نے

لداخ کا دورہ کر کے کمشنر سیکریٹری فنانس، یوٹی لداخ، تسیوانگ تھارچن اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس لداخ آنند جین (IPS) سے ملاقات کی۔ ملاقاتوں کے دوران لداخ میں بینکاری خدمات کے فروغ، ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور خطے کی اقتصادی ترجیحات کے مطابق بینک کی رسائی بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سدھیر گپتا نے بینک کی جانب سے جاری اہم اقدامات اور لداخ کی معاشی ترقی میں تعاون کے عزم سے افسران کو آگاہ کیا۔ انہوں نے حکومتی اداروں کی ضروریات اور علاقائی ترجیحات سے متعلق افسران کی آراء بھی حاصل کیں تاکہ بہتر تال میل کے ذریعے عوام اور اداروں کو مزید مؤثر بینکاری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ دورہ جے اینڈ کے بینک کی جانب سے لداخ انتظامیہ اور دیگر اہم اداروں کے ساتھ دیرپا اور مضبوط شراکت داری کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

ایکس "پرایران، روس اور چین سے منسلک 13 ہزار سے زائد اکاؤنٹس معطل

تہران۔ ماسکو/16/اکتوبر/(پی ایس آئی)"ایکس "پلیٹ فارم نے 13 ہزار سے زائد ایسے اکاؤنٹس کی معطلی کا اعلان کیا ہے جن کے بارے میں اس کا کہنا ہے کہ وہ تین ایسی کارروائیوں سے منسلک تھے جن کے ذریعے امریکہ کے اندر سیاسی بحث و مباحثے پر اثر انداز ہونے کی کوشش کا شبہ تھا، ان اکاؤنٹس کا تعلق ایران، روس اور چین سے ہے۔ پلیٹ فارم نے بدھ کے روز وضاحت کی کہ ان اکاؤنٹس نے امریکی سیاست سے متعلق مواد کی اشاعت یا اسے ری پوسٹ کرنے اور مختلف سیاسی دھاروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں اور عوامی شخصیات کو نشانہ بنانے کے لیے غیر حقیقی شناختیں استعمال کیں۔ مزید برآں اس نے بتایا کہ ان اکاؤنٹس کی نشان دہی اور ان کی معطلی کمپنی کی جانب سے کی جانے والی پیشگی نظر ثانی اور اندرونی تحقیقات کے فریم ورک کے تحت عمل میں آئی، تاہم ان تینوں کارروائیوں میں سے ہر ایک سے منسلک اکاؤنٹس کی تعداد افشا نہیں کی گئی۔ شہرت یافتہ پلیٹ فارم نے اس بات کی بھی تاکید کی کہ وہ شہری عمل کی نزاہت کی حفاظت سے متعلق اپنی پالیسیوں کے تحت، ووٹنگ کے اوقات، مقامات یا اس کے طریقہ کار سے متعلق گمراہ کن مواد اور اسی طرح صارفین کو انتخابات میں حصہ لینے سے باز رکھنے کی کوششوں کے خلاف اقدامات کرتا ہے۔

ہیلتھ ایمپلائیز کنفیڈریشن گاندربل اور فیملی ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈی سی گاندربل کا استقبال

گاندربل، 16 اکتوبر:* غنی نظام پوری نمائندہ روشنی۔ ہیلتھ ایمپلائیز کنفیڈریشن گاندربل اور فیملی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے آج قابلِ احترام ڈی سی گاندربل محترمہ شریا سنگھل جی کا ان کے دفتر میں والہانہ استقبال و خیر مقدم کیا اور احترام کے طور پر خوبصورت تحائف پیش کیے۔ ڈی سی صاحبہ نے وفد کے اس پرخلوص اقدام پر شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ وہ ہمیشہ عوامی خدمت کے لیے پرعزم رہیں گی اور ملازمین کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گی۔ وفد میں جناب شبیر احمد نائک، ضلع صدر؛ جناب ادریس احمد، نائب صدر، ہیلتھ ایمپلائیز کنفیڈریشن گاندربل؛ اور جناب شوکت احمد، سینئر نمائندہ، فیملی ویلفیئر ایسوسی ایشن شامل تھے۔

PUBLIC NOTICE

I, Tabasum Ara, D/o Mohammad Amin Sheikh, R/o Kanipora, Kulgam, hereby notify that my father's name has been incorrectly recorded as "Mohammad Amin Shah" instead of "Mohammad Amin Sheikh" on my PAN Card bearing PAN No. CMHPA6091E.I am applying to the concerned department for correction of my parentage. Any person having an objection to this correction may submit it in writing to the concerned department within seven (7) days from the date of publication of this notice.

Tabasum AraD/o Mohammad Amin Sheikh
R/o Kanipora, Kulgam Contact: 7006030299

چیف سیکرٹری نے جموں اور سری نگر کیلئے کثیر الجہتی ٹریفک مینجمنٹ پلان کا جائزہ لیا

محکموں کو سڑک کی حفاظت کو یقینی بنانے، پبلک ٹرانسپورٹ کو بہتر بنانے اور حادثات کے متاثرین کیلئے ایمرجنسی ریسپانس کو مضبوط بنانے کی ہدایت

سری نگر/16؍اکتوبر (انفو) چیف سیکرٹری اَٹل ڈولو نے آج ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق ملٹی ڈسپلنری کمیٹی (ایم ڈِی سی) میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں جموں اور سری نگر کے دونوں شہروں میں ٹریفک کی بھیڑ کم کرنے، شہری آواجاہی کو بہتر بنانے اور سڑک کی حفاظت کو مضبوط بنانے کے مقصد سے ایک جامع ایکشن پلان پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں سپریم کورٹ کمیٹی برائے روڈ سیفٹی (ایس سی او آر ایس) کی سفارشات پر ایکشن ٹیکن رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اِس کے علاوہ ٹریفک ریگولیشن، پارکنگ مینجمنٹ، پبلک ٹرانسپورٹ، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے، نفاذِ قانون اور سڑک حادثات کے متاثرین کی مدد سے متعلق مختلف بین ڈیپارٹمنٹل اقدامات کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ، کمشنر سیکرٹری مکانات وشہری ترقی محکمہ، صوبائی کمشنران کشمیر/جموں، کمشنر سیکرٹری ٹرانسپورٹ، سیکرٹری ٹورازم، اِنسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک، ڈِپٹی اِنسپکٹر جنرل ٹریفک جموں/کشمیر، کمشنر جموں/سری نگر میونسپل کارپوریشنز، وائس چیئرمین ایس ڈِی اے، جے ڈِی اے، ڈائریکٹر اَربن لوکل باڈیز جموں/کشمیر، وائس چیئرمین لیکس کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ اَتھارٹی کے علاوہ متعلقہ محکموں کے دیگر اَفسران نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے مربوط اور نتائج پر مبنی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ میونسپل کارپوریشنوں کو ہدایت دی کہ وہ دونوں شہروں میں مختلف مقامات پر ٹریفک سائن بورڈوں کی تنصیب اور مناسبیت کا جائزہ لینے کے لئے باقاعدگی سے معائینے کریں۔ اُنہوں نے متعلقہ صوبائی کمشنروں سے کہا کہ وہ پیش رفت پر کڑی نظر رکھیں اور کوتاہیوں کو بروقت دُور کرنے کو یقینی بنائیں۔ اُنہوں نے محکمہ ٹریفک پر زور دیا کہ وہ الیکٹرانک ڈیٹیلڈ ایکسیڈنٹ رپورٹ (ڈی اے آر۔اِی) پورٹل پر دستیاب ڈیٹا کا تجزیہ کرے تاکہ حادثات کے شکار مقامات اور وقت کے لحاظ سے ٹریفک خطرات کی نشاندہی کی جاسکے۔ اُنہوں نے کہا کہ ٹریفک اہلکاروں کی تعیناتی نشاندہی شدہ ہاٹ سپاٹس اور بلیک سپاٹس کے مطابق ہونی چاہیے تاکہ نفاذ کو بہتر بنایا جاسکے اور سڑک حادثات کو کافی حد تک کم کیا جاسکے۔ چیف سیکرٹری نے جموں وکشمیر بھر میں چلنے والی بھاری مسافر گاڑیوں بالخصوص سکول بسوں کے جامع حفاظتی آڈٹ کرنے کے لئے محکمہ ٹرانسپورٹ کی صلاحیت بڑھانے کی تجویز تیار کرنے کی بھی ہدایت دی۔ اُنہوں (باقی ۴ پر)

گلمرگ کی افروٹ چوٹی پر تازہ برف باری

سیاح خوشی سے جھوم اٹھے

سرینگر، 16 اکتوبر (یو پی آئی) وادی کشمیر میں موسم کی اچانک تبدیلی کے نتیجے میں بالائی علاقوں میں تازہ برف باری اور میدانی علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اس دوران مشہور سیاحتی مقام گلمرگ کی افروٹ چوٹی پر برف باری نے سیاحوں کے چہروں پر خوشی بکھیر دی۔ برف سے ڈھکے پہاڑوں اور دلکش قدرتی مناظر نے سیاحوں کو اپنی جانب متوجہ کیا، جبکہ کئی سیاح ان حسین لمحات کو اپنے کیمروں میں محفوظ کرتے نظر آئے۔ افروٹ چوٹی پر تازہ برف باری کے بعد سیاحوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں توقع نہیں تھی کہ اتنی جلدی برف دیکھنے کو ملے گی۔ ان کے مطابق، چند روز قبل تک موسم کافی دھوپ والا تھا، لیکن اچانک موسم تبدیل ہونے اور برف باری سے گلمرگ کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگیا۔ سیاحوں نے کشمیر کو جنت سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر شخص کو زندگی میں کم از کم ایک بار کشمیر ضرور آنا چاہیے۔ انہوں (باقی ۴ پر)

فضائی کرایوں کے قواعد پیش کیئے جائیں

سپریم کورٹ کی مرکز کو ہدایت

سرینگر/ 16 اکتوبر/ ٹی ای این/ سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ نجی ایئر لائنز کی جانب سے مبینہ طور پر من مانے اور غیر معمولی فضائی کرایوں سے متعلق حتمی قواعد 16 نومبر تک عدالت کے سامنے پیش کیے جائیں۔ عدالت میں سماعت کے دوران سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے بتایا کہ فضائی کرایوں کو منظم کرنے سے متعلق نئے قواعد کو انتظامی منظوری مل چکی ہے اور انہیں آئندہ دو ہفتوں کے اندر شائع کر دیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے معاملے کی اگلی سماعت 16 نومبر کو مقرر کرتے ہوئے حکومت سے کہا کہ اس تاریخ تک حتمی قواعد عدالت کے سامنے رکھے جائیں۔ یہ معاملہ ایک مفادِ عامہ کی عرضی کی سماعت کے دوران سامنے آیا، جس میں نجی ایئر لائنز کی جانب سے ٹکٹوں کے کرایوں میں اچانک اور غیر متوقع اضافے اور مختلف اوقات میں کرایوں کے درمیان بڑے فرق پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ عرضی میں فضائی کرایوں کے تعین کے لیے واضح (باقی ۴ پر)

چیئرمین قومی اقلیتی کمیشن نے جموں وکشمیر میں اقلیتی کمیونٹیوں کی فلاح و بہبود، تحفظ اور شکایات کا جائزہ لیا

جموں/16؍اکتوبر (انفو) چیئرمین قومی اقلیتی کمیشن (این سی ایم) ہرجیت سنگھ گریوال نے آج یہاں سرکٹ ہاؤس میں جموں وکشمیر انتظامیہ کے سینئر اَفسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کا مقصد یونین ٹیریٹری میں اقلیتی کمیونٹیوں کے لئے فلاحی سکیموں کی عمل آوری، حفاظتی اِنتظامات اور شکایات کے ازالے کے نظام کا جائزہ لینا تھا۔ میٹنگ میں سیکرٹری محکمہ سماجی بہبود ڈاکٹر ڈانفوڈے ساگر دتاترے، سپیشل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس اتم چند، صوبائی کمشنر جموں ڈاکٹر وِکاس کنڈل، آئی جی پی جموں زون تیجندر سنگھ، ضلع ترقیاتی کمشنر جموں منگا شیرپا، سینئر سپر اِنٹنڈنٹ آف پولیس جموں جوگندر سنگھ، ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود جموں رنجیت سنگھ کے علاوہ متعلقہ محکموں کے سینئر اَفسران نے شرکت کی۔ دورانِ میٹنگ سیکرٹری محکمہ سماجی بہبود نے اقلیتی کمیونٹیوں کی سماجی و اِقتصادی ترقی کے لئے شروع کئے گئے مختلف فلاحی اقدامات اور سرگرمیوں پر تفصیلی پرزنٹیشن پیش کی۔ پرزنٹیشن میں سرکاری فلاحی سکیموں، تعلیمی معاونت، مالی اِمداد کے پروگراموں اور دیگر ایسے اُقدامات کا احاطہ کیا گیا جن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ مستحق افراد تک ان کے مقررہ فوائد پہنچ سکیں۔ ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود نے جموں وکشمیر کے مختلف اضلاع میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے عملائی جانے والی سکیموں کی ضلع وار تفصیلات پیش کیں۔ ان میں پُردھان منتری جن وکاس کاریہ کرم (پی ایم جے وِی کے)، نیشنل مائنارٹیز ڈیولپمنٹ اینڈ فائنانس کارپوریشن (این ایم ڈِی ایف سی) کے ذریعے فراہم کئے جانے والے پروگرام اور دیگر متعلقہ سکیمیں شامل تھیں۔ پرزنٹیشن میں ان اُقدامات کی طبعی و مالی پیش رفت کے ساتھ ساتھ بنیادی سطح پر مستحقین تک فوائد کی رسائی بہتر بنانے کے لئے کی جانے والی کوششوں کو بھی اُجاگر کیا گیا۔ چیئرمین نے اقلیتی کمیونٹیوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی صورتحال اور متعلقہ محکموں کی جانب سے ان پر کی گئی کارروائی کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر شکایات کے بروقت ازالے، مختلف محکموں کے درمیان مؤثر تال میل اور باقاعدہ فالواَپ پر زور دیا گیا تا کہ حقیقی شکایات کا مناسب طور پر اَزالہ یقینی بنایا جاسکے۔ (باقی ۴ پر)

گریز میں حاملہ خاتون اور نومولود کی موت

ڈاکٹر کے خلاف تحقیقات کا حکم

سرینگر، 16 اکتوبر (یو پی آئی) شمالی کشمیر کے دور دراز علاقے وادی گریز میں حاملہ خاتون اور اس کے نومولود کی موت کے معاملے میں ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے متعلقہ ڈاکٹر کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو چھِب نے یقین دہانی کرائی ہے کہ تحقیقات میں جو بھی قصوروار پایا جائے گا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ جمعرات کو سری نگر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اندو چھِب نے بتایا کہ انتظامیہ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ڈاکٹر کے خلاف انکوائری شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات کے بعد ذمہ دار پائے جانے والے افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی سی کے مطابق، ریڈ کراس کے ذریعے متاثرہ خاندان کو مالی امداد بھی فراہم کر دی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق، حاملہ خاتون نے بدھ کی علی الصبح ڈسٹرکٹ اسپتال بانڈی پورہ منتقل کیے جانے کے دوران دم توڑ دیا، (باقی ۴ پر)

سیکرٹری منصوبہ بندی، ترقی ونگرانی نے اہم ترقیاتی اقدامات اور محکمانہ ترجیحات کا جائزہ لیا

وزیر اعظم ترقیاتی پیکیج کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ پیکیج میں 53 منصوبے شامل ہیں

سری نگر/16؍اکتوبر (انفو) سیکرٹری منصوبہ بندی، ترقی اور نگرانی (پی ڈی اینڈ ایم ڈی) ڈاکٹر اویس احمد نے محکمہ کے اَفسران اور عملے کے ساتھ ایک تعارفی میٹنگ منعقد کی جس میں محکمہ کی کارکردگی، اہم ترقیاتی اَقدامات کی پیش رفت اور مختلف پروگراموں کی مؤثر عمل آوری کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ دورانِ میٹنگ وزیر اعظم ترقیاتی پیکیج (پی ایم ڈِی پی) کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اِس پیکیج میں 53 منصوبے شامل ہیں جو مجموعی طور پر 70,244.55 کروڑ روپے کی لاگت سے منظور کئے گئے ہیں اور ان پر اب تک مجموعی طور پر 89 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے۔ 'پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ (پی ایم جی)' کی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جس کے تحت نشاندہی شدہ 124 مسائل میں سے 123 مسائل حل کئے جاچکے ہیں۔ میٹنگ میں مختلف اہم اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا جن میں دیرپا ترقیاتی اہداف (ایس ڈِی جیز)، مردم شماری 2027، فیملی آئی ڈِی، ڈیٹا ہم آہنگی، وائبرنٹ ویلیجز پروگرام دوم اور اسپریشنل ڈسٹرکٹ، بلاکس اور پنچایتوں کا پروگرام شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ منصوبوں کی نگرانی، سٹیٹسٹکل سسٹم، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ترقیاتی سکیموں کی جانچ پڑتال کو مضبوط بنانے میں محکمہ کے کردار پر بھی بات ہوئی۔ میٹنگ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) اَقدامات اور سینٹر فار انوویشن اینڈ ٹرانسفارمیشن اِن گورننس (سی آئی ٹی اے جی) کے ذریعے صلاحیت سازی کی سرگرمیوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ مزید برآں، چیف سیکرٹریز کی چھٹی قومی کانفرنس اور 'ناردرن زونل کونسل' آئندہ میٹنگ کی تیاریوں پر بھی (باقی ۴ پر)

پٹرول کی برآمد پر ونڈ فال ٹیکس میں اضافہ

ڈیزل پر عائد لیوی کم، ایندھن کی مناسب دستیابی یقینی بنانا ہدف

سرینگر/ 16 اکتوبر/ ٹی ای این/ حکومت نے جمعہ کے روز 16 اکتوبر سے شروع ہونے والے اگلے پندرہ روز کے لیے ڈیزل کی برآمد پر ونڈ فال ٹیکس میں کمی جبکہ پٹرول کی برآمد پر عائد لیوی میں اضافہ کر دیا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایوی ایشن ٹربائن فیول یعنی اے ٹی ایف کی برآمد پر ڈیوٹی 10.5 روپے فی لیٹر برقرار رکھی گئی ہے۔ ڈیزل کی برآمد پر اسپیشل ایڈیشنل ایکسائز ڈیوٹی (ایس اے ای ڈی) اور روڈ و انفراسٹرکچر سیس سمیت مجموعی لیوی کو 16 روپے فی لیٹر سے کم کر کے 8.5 روپے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔ اس کے برعکس پٹرول کی برآمد پر عائد ڈیوٹی کو 0.5 روپے فی لیٹر سے بڑھا کر 2.5 روپے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق نئی شرحیں 16 اکتوبر سے نافذ العمل ہوں گی اور اگلے پندرہ روز تک جاری رہیں گی۔ وزارت خزانہ نے واضح کیا ہے کہ ملک کے اندر استعمال کے لیے جاری کیے جانے والے پٹرول اور ڈیزل پر موجودہ ڈیوٹی کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان حکومت نے 27 مارچ کو ڈیزل اور اے ٹی ایف کی برآمد پر ونڈ فال ٹیکس عائد کیا تھا، جس کی شرح میں ہر پندرہ روز بعد حالات کے مطابق نظر ثانی کی جاتی رہی ہے۔ بعد ازاں 16 مئی سے پٹرول کی برآمد پر بھی یہ لیوی نافذ کر دی گئی تھی۔ حکومت نے یہ ٹیکس مغربی ایشیا میں جنگ کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کے دوران ملک میں پٹرولیم مصنوعات (باقی ۴ پر)

ایس ایس پی گاندربل کا پولیس اسٹیشن صفاپورہ کا معائنہ

کام کاج کا جائزہ لیا اور پیشہ ورانہ پولیسنگ پر زور دیا

سرینگر 16 اکتوبر (ریلیز): پولیسنگ کو مضبوط بنانے، عوامی خدمات کی فراہمی کو بڑھانے اور مؤثر قانون کے نفاذ کو یقینی بنانے کی جاری کوششوں کے ایک حصے کے طور پر، ایس ایس پی گاندربل نے آج پولیس اسٹیشن صفاپورہ کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران، ایس ایس پی نے تھانے کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور اس کے مجموعی کام کاج کا جائزہ لیا، بشمول سرکاری ریکارڈ کی دیکھ بھال، مقدمات کی تفتیش اور پولیس سے متعلقہ دیگر سرگرمیوں۔ انہوں نے تھانے کے کام کاج کا جائزہ لیا اور افسران واہلکاروں کو ضروری ہدایات جاری کیں کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں پیشہ ورانہ مہارت، احتساب، نظم وضبط اور کارکردگی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات، عوامی شکایات کے بروقت نمٹانے اور قانون کے سخت نفاذ کی اہمیت پر زور دیا۔ ایس ایس پی گاندربل نے عوام کے ساتھ قریبی تال میل برقرار رکھنے، جرائم کی روک تھام کے لیے ایک فعال انداز اپنانے اور شائستہ، شفاف اور شہری دوست پولیسنگ کو یقینی بنانے کی ضرورت پر مزید زور دیا۔ انہوں نے افسران اور اہلکاروں کو ہدایت دی کہ وہ عوام کی ضروریات اور خدشات کے تئیں چوکس رہتے ہوئے لگن، خلوص اور ذمہ داری کے مضبوط احساس کے ساتھ کام کریں۔

احتجاج کے بجائے باہمی افہام وتفہیم اور قومی تعمیر وترقی کا راستہ اختیار ہونا چاہیے۔ نوجوانوں کو انتشار کی سیاست میں مہرے کے بطور استعمال کی اجازت نہیں/ راجناتھ سنگھ

سرینگر/ 16 اکتوبر/ این این بی// جمہوریت کسی کو بھی بدامنی پھیلانے، انتشار کو ہوا دینے یا آئینی اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیتی ہے کی بات کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ کانگریس اور اس کے اتحادی بنگلہ دیش جیسی حکومت کی تبدیلی چاہتے ہیں۔ نیشنل نیوز بیورو (این این بی) کے مطابق مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کانگریس اور اس کے اتحادیوں کو نئی دہلی میں جاری احتجاجی مظاہروں کے حوالے سے سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ وہ بھارت میں بنگلہ دیش کی طرز پر حکومت کی تبدیلی چاہتے ہیں اور نوجوانوں کی توانائی کو تعمیری سرگرمیوں اور ملک کی تعمیر وترقی کے بجائے سیاسی تصادم اور انتشار پھیلانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ جمہوریت کسی کو بھی بدامنی پھیلانے، انتشار کو ہوا دینے یا آئینی اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیتی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور اس کے اتحادی، براہ راست اور اپنی حامی تنظیموں کے ذریعے، نوجوانوں کی توانائی کو سیاسی محاذ آرائی کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جبکہ اس توانائی کو تعمیری کاموں اور قوم کی تعمیر کے لیے بروئے کار لایا جانا چاہیے۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کو انتشار کی سیاست میں مہرے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق، اپوزیشن جماعتوں کی سرگرمیاں جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے کے بجائے انہیں کمزور کرنے کی کوششوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ وزیر دفاع نے دعویٰ کیا کہ کانگریس اور اس کے اتحادی بھارت میں بھی بنگلہ دیش کی طرز پر حکومت تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اپوزیشن رہنما پریس کانفرنسوں میں کھلے عام بنگلہ دیش کے واقعات سے تحریک حاصل کرنے اور حکومت کو گرانے کی بات کرتے ہیں، جس سے ان کے بقول ان کے سیاسی عزائم واضح ہوتے ہیں۔ انہوں نے 2024 میں بنگلہ دیش میں ہونے والی عوامی تحریک کا حوالہ دیا، جس کے نتیجے میں شیخ حسینہ کی حکومت اقتدار سے بے دخل ہوگئی تھی۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ حکومت کی تبدیلی جیسے الفاظ کا استعمال اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اپوزیشن کی مہم محض انتخابی اصلاحات یا ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی (ایس آئی آر) سے متعلق مسائل تک محدود نہیں ہے۔ اپوزیشن رہنماؤں کا الزام ہے کہ ووٹر فہرستوں کی نظر ثانی کا عمل شفاف نہیں ہے اور اس کے نتیجے میں اہل ووٹروں کے نام فہرستوں سے خارج ہونے کا خدشہ ہے۔ راجناتھ سنگھ کے مطابق سیاسی مفادات کی خاطر بھارت کے جمہوری اداروں کو قربان نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جھوٹ، غصے کی سیاست، اداروں کو بدنام کرنے کی کوششیں اور سیاسی مفاد پرستی ملک کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔ راجناتھ سنگھ نے راہل گاندھی کو مشورہ دیا کہ وہ جمہوریت کے تحفظ کے نام پر، ان کے بقول، تباہی کی سیاست کرنے کے بجائے عوام کے فیصلے کا احترام کریں اور اپنے سیاسی کردار کا از سر نو جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے مستقبل کی ذمہ داری ہر شہری پر عائد ہوتی ہے اور ملک کو تصادم کے بجائے مکالمے، باہمی افہام وتفہیم اور قومی تعمیر وترقی کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔

اننت ناگ میں منشیات کی متعدد کارروائیوں میں 5 منشیات فروش گرفتار

سرینگر 16 اکتوبر (ریلیز): منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف اپنے کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے، اننت ناگ میں پولیس نے ضلع بھر میں متعدد ناکہ چیکنگ کارروائیوں میں پانچ افراد کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے چرس برآمد کی۔ این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت الگ الگ مقدمات درج کیے گئے ہیں، اور تحقیقات جاری ہیں۔ پہلی کارروائی میں میر دنتر کے مقام پر ناکے پر چیکنگ کرنے والی پولیس پارٹی نے دو افراد کو روک کر ان کی شناخت اذان نبی ولد گل محمد ڈار اور ماجد احمد ڈار ولد محمد اکرم ڈار کے نام سے کی گئی جو دونوں میر دنتر کے رہائشی ہیں۔ تلاشی کے دوران ان کے قبضے سے 13.53 گرام چرس نما مادہ برآمد ہوا۔ دوسری کارروائی میں پولیس چوکی شیر باغ کی پولیس پارٹی نے ہائی گراؤنڈ روڈ پر سرنال میں ناکے کی چیکنگ کرتے ہوئے شیخ عمیس قیوم ولد محمد قیوم شیخ ساکنہ نازوک محلہ اننت ناگ کو گرفتار کیا۔ تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے 111 گرام چرس نما مادہ پاؤڈر کی شکل میں برآمد ہوا۔ دریں اثنا، رات کے ناکہ چیکنگ کے دوران، تھانہ سری گفوارہ کی پولیس پارٹی نے دو افراد کو گرفتار کیا جن کی شناخت محمد شفیع بھٹ ولد محمد رمضان ساکن ٹریل سری گفوارہ اور دانش حسن شیخ ولد غضن حسن ساکن کھرم ساکراس کے نام سے ہوئی اور ان کے قبضہ سے 46 گرام چرس سمیت 3000 روپے نقدی برآمد کر لی۔ شفیع بھٹ، پولیس سٹیشن سری گفوارہ میں ایف آئی آر نمبر 100/2026 کے اندراج کی قیادت کر رہے ہیں۔ بعدازاں پتھوکراسنگ پر دانش حسن شیخ کے قبضے سے 8 گرام چرس برآمد ہوئی۔ اسی مناسبت سے ایف آئی آر نمبر 101/2026 درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

جاوید رانا نے جموں ڈویژن میں جل شکتی اور آبپاشی وفلڈ کنٹرول کے کاموں کو تیز کرنے کی ہدایت دی

جموں 16 اکتوبر (انفو) وزیر برائے جل شکتی، جنگلات وماحولیات اور قبائلی امور مسٹر جاوید احمد رانا نے آج سول سکریٹریٹ جموں میں ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں جموں ڈویژن میں جل شکتی ڈیپارٹمنٹ اور آبپاشی و فلڈ کنٹرول (آئی اینڈ ایف سی) ڈیپارٹمنٹ کے زیر عمل مختلف اسکیموں اور ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے وزیر کو جاری اسکیموں کی پیش رفت، اب تک حاصل ہونے والی کامیابیوں، عملدرآمد سے متعلق رکاوٹوں اور مختلف کاموں کیلئے منظور شدہ اور مختص فنڈز کے مقابلے میں اخراجات کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر نے افسران کو ہدایت دی کہ زمینی سطح پر کاموں کی تکمیل میں تیزی لائی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تکمیل کے قریب تمام منصوبے مقررہ وقت کے اندر خاص طور پر سردیوں کے آغاز سے پہلے مکمل کر لئے جائیں۔ جل شکتی ڈیپارٹمنٹ کے کام کاج اور پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے مسٹر رانا نے افسران کو ہدایت دی کہ نامکمل پینے کے پانی کی سپلائی اسکیمز کو اولین ترجیح دی جائے اور انہیں جلد از جلد شروع کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ وزیر موصوف نے آبپاشی وفلڈ کنٹرول (باقی ۴ پر)

خاتون افسر سے مبینہ بدسلوکی پر فاروق عبداللہ برہم، آئی اے ایس افسر کو جموں وکشمیر سے باہر بھیجنے کا مطالبہ

سرینگر، 16 اکتوبر (یو پی آئی) نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے خاتون جے کے اے ایس افسر بینش وانی کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے معاملے پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے آئی اے ایس افسر کمار راجیو رنجن کو جموں وکشمیر سے باہر بھیجنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاتون افسر کے ساتھ گفتگو کے دوران استعمال کی گئی زبان کسی بھی سرکاری افسر کے شایانِ شان نہیں تھی اور اس معاملے میں سخت کارروائی ہونی چاہیے۔ فاروق عبداللہ نے جمعہ کو صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افسران کا فرض عوام کی خدمت کرنا اور ان کی مشکلات دور کرنا ہے، نہ کہ انہیں بے عزت کرنا یا ان کے ساتھ نامناسب زبان استعمال کرنا۔ ان کے مطابق، عوام اپنی شکایات اور مسائل پیش کرنے کے لیے سرکاری افسران سے رجوع کرتے ہیں، اس لیے افسران کو ان کی بات سننی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کے دورِ اقتدار میں، جب جموں وکشمیر ایک ریاست تھا، اس طرح کا واقعہ پیش آتا تو وہ متعلقہ افسر کو صرف جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سے منسلک کرنے تک محدود نہ رہتے بلکہ اسے واپس بھیج دیتے۔ فاروق عبداللہ نے کہا کہ ایسے طرزِ عمل سے سرکاری ملازمین کے پورے نظام پر سوالات اٹھتے ہیں اور متعلقہ افسر کو اپنے رویے پر جواب دہ ہونا چاہیے۔ سابق وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ وہ سوشل میڈیا پر واقعے سے متعلق ویڈیو دیکھ کر دکھی اور شرمندہ ہوئے۔ ان کے مطابق، خواہ کوئی افسر ہو یا وزیر، اس کی بنیادی ذمہ داری عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل تلاش کرنا ہے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب مشن یوا کے جائزہ اجلاس کے دوران سینئر آئی اے ایس افسر کمار راجیو رنجن اور گاندربل کے ضلعی روزگار ومشاورتی مرکز کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر بینش وانی کے درمیان تلخ کلامی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر سامنے آئی۔ ویڈیو میں (باقی ۴ پر)

غیر قانونی کان کنی، پولیس نے 17 گاڑیوں کو ضبط کر لیا

سرینگر:16 اکتوبر (ریلیز) غیر قانونی کان کنی اور معدنیات کی غیر مجاز نقل وحمل کے خلاف اپنی مسلسل مہم کے ایک حصے کے طور پر، جموں و کشمیر پولیس نے ہندواڑہ، شوپیاں اور اونتی پورہ اضلاع میں نفاذ کی کوششوں کو تیز کیا، مبینہ طور پر غیر قانونی کان کنی کی سرگرمیوں میں ملوث متعدد گاڑیوں کو ضبط کیا۔ ہندواڑہ میں پولس نے ولگام میں ناکہ چیکنگ کے دوران غیر قانونی طور پر کان کنی کا سامان لے جانے والے دو ٹریکٹر ضبط کئے۔ یہ کارروائی ہندواڑہ پولیس کی غیر قانونی کان کنی کو روکنے، معدنیات کی غیر قانونی نقل وحمل کو روکنے اور قدرتی وسائل کی حفاظت کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ شوپیاں میں، معتبر ذرائع سے ملنے والی مخصوص اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے، پولیس اسٹیشن شوپیاں کی ایک پولیس پارٹی نے اگلر رامبیارا اور دیگام میں چھاپے مارے، جس کے نتیجے میں ایک جے سی بی، چار ڈمپر، دو ٹریکٹر اور دو ٹپروں کو ان کے مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر معدنیات نکالنے اور بغیر رائلٹی کے دستاویزات کے نقل وحمل میں ملوث ہونے پر قبضے میں لے لیا گیا۔ اس کے مطابق ایف آئی آر نمبر 215/2026 اور 216/2026 پولیس اسٹیشن شوپیاں میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت درج کی گئی۔ ایک الگ کارروائی میں، تھانہ ہیر پورہ کی ایک پولیس پارٹی نے بغیر لازمی اجازت کے معدنیات کی غیر قانونی نکالنے اور نقل وحمل میں مبینہ طور پر ملوث دو ٹریکٹروں کو روک کر ضبط کیا۔ اس سلسلے میں تھانہ ہیر پورہ میں ایف آئی آر نمبر 113/2026 درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ اسی طرح پولیس چوکی واچی سے ایک پولیس پارٹی نے بغیر اجازت معدنیات کی غیر قانونی نکالنے (باقی ۴ پر)

جموں وکشمیر میں پنجابی کو سرکاری زبان کا درجہ دینے کی راہ ہموار، سکھ برادری نے احتجاج ختم کر دیا

سرینگر، 16 اکتوبر (یو پی آئی) جموں وکشمیر میں پنجابی زبان کو سرکاری زبانوں کی فہرست میں شامل کرنے کے مطالبے پر جاری سکھ برادری کے احتجاج کے بعد حکومت نے آئندہ بجٹ اجلاس کے دوران قانون ساز اسمبلی میں متعلقہ بل پیش کرنے کی تحریری یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت کی اس یقین دہانی کے بعد جموں میں گزشتہ دو ہفتوں سے جاری احتجاج ختم کر دیا گیا۔ سکھ برادری کے رہنماؤں نے سری نگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور دیگر سرکاری عہدیداروں کے ساتھ ملاقات کے بعد بتایا کہ حکومت پنجابی کو جموں وکشمیر کی سرکاری زبانوں میں شامل کرنے کے لیے اسمبلی میں بل پیش کرنے پر رضامند ہوگئی ہے۔ یہ احتجاج جموں میں دریائے توی کے پل کے قریب مہاراجہ ہری سنگھ کے مجسمے کے پاس جاری تھا، جہاں گزشتہ 14 روز سے مختلف عمر کے افراد روزانہ جمع ہو کر اپنے مطالبے کے حق میں آواز بلند کر رہے تھے۔ احتجاج کی قیادت سکھ رہنما اور کانگریس لیڈر ترنجیت سنگھ ٹونی کر رہے تھے۔ انہوں نے سردار منجیت سنگھ کی سربراہی میں 11 رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی، جس نے سری نگر میں حکومت کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کی۔ کمیٹی نے حکومت سے زبانی یقین دہانی کے بجائے تحریری ضمانت دینے پر زور دیا، جس کے بعد متعلقہ حکام کی جانب سے یقین دہانی حاصل کی گئی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ترنجیت سنگھ ٹونی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، ان کے مشیر ناصر اسلم وانی، رکن پارلیمنٹ شمی اوبرائے اور کمیٹی کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکھ برادری کے مطالبے کو حکومت کے سامنے مؤثر انداز میں پیش کرنے اور تحریری یقین دہانی حاصل کرنے میں کمیٹی نے اہم کردار ادا کیا۔ ٹونی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی مادری زبانوں ڈوگری اور پنجابی کو گھروں میں بولنے کے ساتھ نئی نسل تک منتقل کرنے کی کوشش کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ زبان کے تحفظ اور فروغ میں عوام کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ سردار منجیت سنگھ نے بتایا کہ ابتدائی (باقی ۴ پر)

حج محرم کوٹہ: 500 عازمین منتخب، یوٹی کے 19 اور لداخ کا ایک عازم شامل

سرینگر/ 16 اکتوبر/ این این بی// سال 2027 حج کیلئے حج کمیٹی آف انڈیا نے محرم کوٹے کے تحت 500 عازمین حج کا انتخاب کیا ہے، جن میں جموں وکشمیر کے 19 اور لداخ کا ایک عازم شامل ہے۔ نیشنل نیوز بیورو (این این بی) کے مطابق حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2027 کیلئے محرم کوٹے کے تحت 500 عازمین حج کا انتخاب کیا ہے، جن میں جموں وکشمیر کے 19 اور لداخ کا ایک عازم شامل ہے۔ اس طرح دونوں مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے مجموعی طور پر 20 عازمین کو منتخب فہرست میں جگہ ملی ہے۔ حج کمیٹی آف انڈیا کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق منتخب عازمین کا انتخاب 14 اکتوبر کو ڈیجیٹل رینڈم سلیکشن کے عمل کے ذریعے کیا گیا۔ اس کوٹے کے تحت دستیاب 500 نشستوں کے مقابلے میں مجموعی طور پر 1,044 درخواستیں موصول ہوئی تھیں، جن میں سے 1,008 درخواستوں کو اہل قرار دیا گیا۔ چونکہ اہل درخواستوں کی تعداد دستیاب نشستوں سے زیادہ تھی، اس لیے عازمین کا انتخاب ممبئی میں واقع حج ہاؤس میں ڈیجیٹل رینڈم سلیکشن کے ذریعے عمل میں لایا گیا۔ حج کمیٹی نے محرم کوٹے کے تحت منتخب عازمین کے علاوہ انتظار کی فہرست بھی جاری کی ہے۔ اس فہرست میں مجموعی طور پر 508 عازمین کو شامل کیا گیا ہے، جن میں جموں وکشمیر کے 17 عازمین بھی شامل ہیں۔ حج کمیٹی آف انڈیا نے منتخب عازمین کو ہدایت دی ہے کہ وہ حج اخراجات کی پہلی قسط کے طور پر ایک لاکھ 52 ہزار 300 روپے کی رقم 30 اکتوبر (باقی ۴ پر)

ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے جموں کی اہم درگاہوں پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

جموں، 16 اکتوبر: (پ ر) جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج جموں کے تالاب کھٹیکہ، گمٹ اور پیر بابا ستواری میں جاری تعمیراتی اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جموں وقف ڈویژن کی انجینئرنگ ٹیم بھی ان کے ہمراہ تھی۔ دورے کے دوران ڈاکٹر اندرابی نے تالاب کھٹیکہ کی جامع مسجد کی پہلی منزل کی تعمیر اور حضرت روشن شاہؒ کی زیارت گاہ کی ازسرِ نو تعمیر کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے پیر بابا بڈّن علی شاہ؟ کی زیارت گاہ کی ازسرِ نو تعمیر وتجدید کے منصوبے کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ انجینئرنگ حکام سے کام کی موجودہ صورتِ حال اور تکمیل کی مقررہ مدت کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ ڈاکٹر اندرابی نے متعلقہ ٹیم کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کاموں کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں اور امید ظاہر کی کہ ان کی تکمیل کے بعد ان مذہبی مقامات کو جلد ہی عوام اور عقیدت مندوں کے لیے باضابطہ طور پر وقف کیا جائے گا۔ اس موقع پر وقف بورڈ کی چیئرپرسن نے بورڈ کے ترقیاتی مشن کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جاری اقدامات جموں وکشمیر کے روحانی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ، بحالی (باقی ۴ پر)

باقیات

دربار مو کی بحالی

بسوں اور دیگر ضروری سہولیات کا انتظام کیا جائے۔ جموں وکشمیر آل آٹو یونین کے سینئر نائب صدر محمد حنیف چودھری نے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دربار مو کی بحالی سے عام لوگوں کو سرکاری کاموں کے لیے سرینگر آنے جانے کی مشکلات سے راحت ملتی ہے۔ ان کے مطابق، دفاتر کی جموں منتقلی سے آٹو ڈرائیوروں، میٹا ڈور مالکان، دکانداروں اور دیگر تجارتی اداروں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے، کیونکہ سرکاری ملازمین اور ان کے ساتھ آنے والے افراد کی موجودگی سے مقامی خدمات کی مانگ بڑھتی ہے۔ فرنیچر کے کاروبار سے وابستہ تاجر نیاز علی شیخ نے کہا کہ دربار مو جموں کی معیشت کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ برسوں میں اس روایت کے تعطل سے چھوٹے اور بڑے تاجروں، ریہڑی بانوں اور ہوٹل مالکان سمیت مختلف کاروباری حلقوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے گزشتہ سال دربار مو کی واپسی کو شہر کی تجارتی سرگرمیوں کے لیے حوصلہ افزا قرار دیا۔ مقامی تاجر انیس احمد نے کہا کہ سرکاری ملازمین اور وادی سے آنے والے لوگوں کی موجودگی سے بازاروں میں خریداروں کی تعداد بڑھتی ہے، جس سے دکانداروں اور دیگر کاروباری افراد کی روزی روٹی وابستہ ہے۔ کاروباری شخصیت محمد ناظم نے بھی امید ظاہر کی کہ دفاتر کی منتقلی سے شہر میں تجارتی سرگرمیوں کو دوبارہ تقویت ملے گی۔ دربار مو جموں وکشمیر کی ایک تاریخی انتظامی روایت ہے، جس کے تحت سرکاری دفاتر موسم کے مطابق سال میں دو مرتبہ سرینگر اور جموں منتقل کیے جاتے رہے ہیں۔ اس روایت کا مقصد دونوں خطوں میں انتظامی رسائی برقرار رکھنے کے ساتھ معاشی سرگرمیوں کو سہارا دینا بھی رہا ہے۔ تاہم، 2021 میں ڈیجیٹل نظام اور ای آفس کے نفاذ کے بعد یہ مشق روک دی گئی تھی۔ تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کا کہنا ہے کہ دربار مو کی بحالی سے جموں کے بازاروں، نقل و حمل اور خدمات سے وابستہ کاروباروں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اب توجہ سرکاری دفاتر اور ملازمین کی منتقلی کو منظم انداز میں مکمل کرنے پر ہے، جبکہ اس روایت کے معاشی اثرات کا اندازہ آنے والے ہفتوں میں کاروباری سرگرمیوں کی صورتِ حال سے لگایا جا سکے گا۔

شفاف امتحانات

عمل میں لائی گئی ہے۔ امتحانات کے دوران حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے خفیہ امتحانی مواد متعلقہ پولیس تھانوں تک پہنچا دیا گیا ہے۔ نقل اور دیگر غیر منصفانہ طریقوں کی روک تھام اور امتحانی عمل میں شفافیت برقرار رکھنے کے لیے بورڈ نے تقریباً 40 نگرانی ٹیمیں تشکیل دی ہیں، جو مختلف اضلاع میں امتحانی مراکز کی نگرانی کریں گی۔ بورڈ نے پولیس سے تعاون طلب کرنے کے علاوہ ضلع مجسٹریٹس سے بھی درخواست کی ہے کہ امتحانات میں بیرونی مداخلت کو روکنے کے لیے جہاں ضروری ہو، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا (BNSS) کی دفعہ 163 کے تحت پابندیاں عائد کرنے پر غور کیا جائے۔ غلام حسن شیخ نے مزید بتایا کہ سوالیہ پرچے قومی تعلیمی پالیسی 2020(NEP) کے مطابق تیار کیے گئے ہیں، جن میں رٹنے کے بجائے طلبہ کی تجزیاتی صلاحیتوں، فہم و ادراک اور قابلیت پر مبنی جانچ کو ترجیح دی گئی ہے۔ انہوں نے خصوصاً دسویں جماعت کے ان طلبہ کو مشورہ دیا جو پہلی مرتبہ بورڈ امتحانات میں شرکت کر رہے ہیں کہ وہ گھبرائیں نہیں اور امتحانات کو غیر معمولی دباؤ کا باعث نہ بنائیں۔

سینئر IAS افسر

پر کنٹرول رکھنے والے حکام کو اس معاملے میں مثال قائم کرنی چاہیے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ بدسلوکی اور دھمکی آمیز رویے کو نظر انداز نہ کیا جائے۔ عمر عبداللہ نے کہا، ''اگر جموں وکشمیر ایک ریاست ہوتا تو ایک نوجوان JKAS افسر کے ساتھ مبینہ طور پر بدسلوکی کرتے ہوئے نظر آنے والے IAS افسر کو اس کے طرز عمل کی تحقیقات مکمل ہونے تک جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ منسلک کیا جاتا۔'' انہوں نے مزید کہا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے کی حیثیت سے جموں وکشمیر میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ IAS افسران پر اختیار رکھنے والے حکام درست مثال قائم کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بدسلوکی اور دھمکی آمیز رویے کو دبایا یا نظر انداز نہ کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ بیان ایک مبینہ ویڈیو کے حوالے سے پیدا ہونے والے تنازعے کے درمیان سامنے آیا ہے، جس میں ایک سرکاری میٹنگ کے دوران ایک سینئر IAS افسر کو مبینہ طور پر ایک خاتون JKAS افسر کے ساتھ زبانی بدسلوکی کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

خاتون افسر کی

لیے تشویش کا معاملہ ہے۔ یہ مراسلہ جموں وکشمیر ایڈمنسٹریٹیو سروس ایسوسی ایشن (جے کے اے ایس ایسوسی ایشن) کی عبوری باڈی کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔

حادثات اور خودکشی

سری نگر کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو نے بتایا کہ پولیس اور مقامی لوگوں کی جانب سے اس بات کی نشاندہی کی گئی تھی کہ پل پر مناسب حفاظتی انتظامات اور باڑ نہ ہونے کی وجہ سے لوگ لاپرواہی کے باعث دریا میں گر رہے ہیں، جبکہ بعض افراد کی جانب سے جان بوجھ کر دریا میں چھلانگ لگانے کی کوششوں کا خطرہ بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اطلاعات کے بعد انہوں نے کچھ عرصہ قبل اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ کا دورہ کیا تھا، جس کے دوران پل پر حفاظتی باڑ لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اکشے لابرو نے کہا کہ ضلعی سطح پر دستیاب فنڈس کو اس کام کے لیے مختص کیا گیا اور انتہائی کم وقت اور کم لاگت میں فینسنگ کا کام مکمل کر لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حفاظتی باڑ نصب کرتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھا گیا کہ اس سے شہر کی خوبصورتی اور پل سے دریائے جہلم کا دلکش نظارہ متاثر نہ ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حفاظتی باڑ کی تنصیب سے پل سے لوگوں کے حادثاتی طور پر دریا میں گرنے کے واقعات میں کمی آئے گی۔ دیگر حساس مقامات پر بھی حفاظتی اقدامات کیے جائیں گے۔ اکشے لابرو نے مزید بتایا کہ پرانے پل پر بھی حفاظتی باڑ لگانے کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر دیگر مقامات پر بھی حفاظتی انتظامات کی ضرورت کے حوالے سے انتظامیہ کو آگاہ کیا گیا تو وہاں بھی فینسنگ سمیت ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق، ضلعی انتظامیہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے اور ایسے مقامات پر حادثات کے خطرات کم کرنے کے لیے ضروری اقدامات جاری رکھے گی

کشمیر میں 17 سے

سے بانہال کے درمیان خدمات انجام دیتی ہے۔ شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے موسم سرما کی تیاریوں کے تحت یہ کام طے کیا ہے، تاکہ سرد موسم میں ریلوے خدمات کی حفاظت اور روانی کو برقرار رکھا جا سکے۔ ریلوے حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ سفر شروع کرنے سے قبل ٹرینوں کی موجودہ صورتحال کی تصدیق ضرور کریں۔ اس سلسلے میں ریلوے انکوائری ہیلپ لائن نمبر 139 یا نیشنل ٹرین انکوائری سسٹم (این ٹی ای ایس) ایپ سے معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کشتواڑ میں ایس پی او

کا معائنہ کیا اور موت کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے شواہد جمع کیے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور مختلف پہلوؤں سے حقائق معلوم کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق، فی الحال موت کی وجہ واضح نہیں ہے اور اس بارے میں کسی حتمی نتیجے پر پہنچنے سے قبل فارنسک جانچ اور دیگر تحقیقات مکمل کرنا ضروری ہے۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور موت کی اصل وجہ کا انکشاف تحقیقات آگے بڑھنے کے بعد ہی ہو سکے گا۔

سرینگر میں SMC

کے دوران ملزم وارڈ افسر کو شکایت کنندہ سے مبینہ طور پر 10 ہزار روپے رشوت طلب کرتے اور وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا۔ سی بی آئی نے کارروائی کے بعد ملزم کو گرفتار کر لیا ہے، جبکہ معاملے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ سی بی آئی نے اپنے بیان میں کہا کہ بدعنوان سرکاری ملازمین کے خلاف سخت کارروائی ادارے کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ سرکاری نظام میں رشوت خوری اور بدعنوانی پر قابو پایا جائے۔ ادارے نے جموں وکشمیر اور لداخ کے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ اگر انہیں کسی سرکاری اہلکار کی جانب سے رشوت طلب کیے جانے یا بدعنوانی کے کسی واقعے کا سامنا ہو تو وہ متعلقہ حکام کو اس کی اطلاع دیں۔ سی بی آئی کے مطابق، شہری اپنی شکایات درج کرانے یا بدعنوانی سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے دفتر سی بی آئی، اینٹی کرپشن برانچ، سرینگر، گیسٹ ہاؤس نمبر 6، ایم اے روڈ پر ایم ایل اے ہاسٹل کے نزدیک رابطہ کر سکتے ہیں۔

خاتون جے کے ایس

وانی کے ساتھ نامناسب زبان استعمال کرتے، انہیں توہین کا نشانہ بناتے اور دھمکاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ کمیشن نے اپنے بیان میں کہا کہ سرکاری دفاتر میں خواتین افسران کو محفوظ، باعزت اور احترام پر مبنی ماحول فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس نے کام کی جگہ پر ہراسانی، انتقامی کارروائی اور پیشہ ورانہ سطح پر کسی بھی قسم کے دباؤ سے خاتون افسر کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے مناسب اقدامات کرنے پر بھی زور دیا ہے۔ قومی کمیشن برائے خواتین نے متعلقہ حکام سے سات دن کے اندر کارروائی کی رپورٹ (اے ٹی آر) پیش کرنے کو کہا ہے۔ کمیشن کے مطابق، اختیارات کے مبینہ غلط استعمال اور کام کی جگہ پر کسی ملازم کی تذلیل کے معاملے کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی مشن یوا کے جائزہ اجلاس کے دوران بینش وانی اور کمار راجیو رنجن کے درمیان مبینہ تلخ کلامی کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد یہ معاملہ زیر بحث آیا تھا۔ تاہم، ویڈیو کی صداقت اور واقعے کے تمام پہلوؤں کی آزادانہ تصدیق اور تحقیقات ضروری ہیں۔ الزامات ثابت ہونے کی صورت میں ہی متعلقہ افسر کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

اتوار کو سرینگر

دیا گیا ہے کہ وہ اپنی منزلوں تک پہنچنے کے لیے برزہامہ–چاند پورہ–ٹیل بل–زکورا–ملباغ–الٰہی باغ–90 فٹ روڈ کا راستہ اختیار کریں۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ گاندربل اور ناکبل سے لال چوک کی طرف سفر کرنے والوں کو 90 فٹ سورا روڈ کا استعمال کرنا چاہیے R.M پر بھی پابندیاں لاگو ہوں گی۔ باغ کراسنگ، بدیاری، ڈلگیٹ، نشاط اور برائن پولیس اسٹیشن کراسنگ۔ تاہم، طبی ہنگامی حالات میں مریضوں کو لے جانے والی گاڑیوں اور سری نگر ہوائی اڈے کی طرف جانے والوں کو فارشور – درگاہ – خانیار روڈ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ ٹریفک پولیس نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایونٹ کے دوران متاثرہ سڑکوں پر غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور مقررہ ڈائیورشن پر عمل کریں۔ پارکنگ کی سہولیات گالف کورس، باریستا، زبروان پارک اور نہرو پارک میں للت کراسنگ تک دستیاب ہوں گی۔ جن مسافروں کو مدد کی ضرورت ہے وہ 103 پر ٹریفک پولیس کنٹرول روم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ٹینڈر اور خریداری

اور متعلقہ افسران کے کردار کا جائزہ لینے کے لیے باقاعدہ محکمانہ کارروائی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مبینہ بدعنوانی اور فرائض میں غفلت کے الزامات کی تحقیقات مکمل ہونے تک پرویز عبداللہ کو مزید احکامات جاری ہونے تک جے کے آر ٹی سی کے مینیجنگ ڈائریکٹر کے دفتر کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل جے کے آر ٹی سی نے 8 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ حکم نامہ نمبر JKRTC-376 کے تحت پرویز عبداللہ سے پرچیز اینڈ اسٹورز کا چارج واپس لے لیا تھا۔ یہ کارروائی بھی ریکارڈ میں پائی گئی خامیوں کے بعد کی گئی تھی۔

پونچھ میں چار مقامات

ممکنہ دہشت گردانہ نقل و حرکت پر نظر رکھنا اور سرحدی علاقوں میں حفاظتی انتظامات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ حکام نے بتایا کہ گرسائی کی اسپیشل آپریشنز گروپ (ایس او جی) نے مینڈھر سب ڈویژن کے گرسائی، ہارونی اور بیدھر علاقوں میں تلاشی کارروائی شروع کی۔ دوسری مشترکہ کارروائی ایس او جی مینڈھر اور فوج کی راشٹریہ رائفلز نے دھارنا گاؤں، کشمیر محلہ، بھیری جنگل اور ملحقہ علاقوں میں شروع کی۔ اس کے علاوہ ایس او جی منکوٹ نے منکوٹ پولیس چوکی کے دائرہ اختیار میں آنے والے منگلاں اور چلاّ کے جنگلاتی علاقوں میں بھی تلاشی آپریشن شروع کیا۔

بورڈ آف سکول

jsexamskd.jkbose@jk.gov.in، 0194-3186762 (کشمیر کیلئے) ای میل پتوں اور فون نمبروں پر درج کروا سکتے ہیں۔

مشن یوا کے جائزہ

افسر نے اس پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ اگر انہیں بولنے کا موقع نہیں دیا جائے گا تو وہ اپنے محکمے کی کارکردگی اور موقف کی وضاحت کیسے کریں گی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس دوران گفتگو ذاتی نوعیت اختیار کر گئی اور کمار راجیو رنجن نے خاتون افسر کے لیے توہین آمیز الفاظ استعمال کیے۔ بینش وانی نے مبینہ طور پر اس رویے پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اس طرح مخاطب نہیں کیا جا سکتا۔ رپورٹ کے مطابق، تلخ کلامی کے بعد سینئر افسر نے اپنے چیمبر میں موجود عہدیداروں کو بینش وانی کی معطلی کا حکم نامہ فوری طور پر تیار کرنے کی ہدایت دی۔ یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ انہوں نے جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو خط لکھ کر خاتون افسر کو ملازمت سے برطرف کرنے کی سفارش کرنے کی ہدایت کی۔ تاہم، دستیاب رپورٹ میں معطلی یا برطرفی کا کوئی حکم حقیقتاً جاری ہونے کی تصدیق نہیں کی گئی ہے۔ دوسری جانب، کمار راجیو رنجن نے واقعے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انہیں اس بارے میں علم نہیں اور وائرل ویڈیو ایڈیٹ شدہ یا مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کی گئی ہو سکتی ہے۔ ان کے مطابق، ڈپٹی کمشنر گاندربل سے موصولہ معلومات میں بتایا گیا تھا کہ بینش وانی 13 اکتوبر سے چھٹی پر تھیں۔ رپورٹ میں خاتون افسر کی جانب سے 13 سے 22 اکتوبر تک طبی بنیادوں پر دس روزہ رخصت کی درخواست دینے کا بھی ذکر ہے، تاہم اس درخواست پر مجاز اتھارٹی کی منظوری درج ہونے کی تصدیق نہیں کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق، بینش وانی سے فون کالز اور واٹس ایپ پیغامات کے ذریعے رابطہ کر کے ان کا مؤقف جاننے کی کوشش کی گئی، لیکن خبر کی اشاعت تک ان کی جانب سے جواب موصول نہیں ہوا تھا۔ اس معاملے پر رکن پارلیمنٹ آغا روح اللہ مہدی نے بھی سوشل میڈیا پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے سینئر افسر کے مبینہ رویے پر تشویش کا اظہار کیا۔ واقعے کے تمام پہلوؤں، وائرل ویڈیو کی صداقت اور دونوں افسران کے مؤقف کی تصدیق کے بعد ہی معاملے کی مکمل صورت حال واضح ہو سکے گی۔

افروٹ میں تازہ برفباری

نے کہا کہ گلمرگ کی حسین وادیوں اور افروٹ چوٹی کے دلکش نظاروں سے لطف اندوز ہونا ان کے لیے ایک یادگار تجربہ ہے۔ سیاحوں کا کہنا تھا کہ افروٹ چوٹی کا قدرتی حسن اپنی مثال آپ ہے، جبکہ گنڈولا کیبل کار کی سواری نے ان کے سفر کو مزید خوشگوار بنا دیا۔ انہوں نے برف باری کے باعث ہونے والی سردی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں اتنی سردی پہلے کبھی محسوس نہیں کی۔ برف سے ڈھکے پہاڑوں کو دیکھ کر سیاحوں میں خاصا جوش و خروش پایا گیا۔ واضح رہے کہ گلمرگ موسم سرما اور بہار کے دوران ملکی و غیر ملکی سیاحوں کی توجہ کا مرکز رہتا ہے۔ برف باری کے بعد یہاں سرمائی کھیلوں کی سرگرمیاں بھی سیاحوں کو اپنی جانب راغب کرتی ہیں۔ سیاحت سے وابستہ سرگرمیاں مقامی لوگوں کے روزگار کا اہم ذریعہ ہیں، اس لیے تازہ برف باری سے آنے والے دنوں میں سیاحوں کی آمد میں اضافے کی امید بھی کی جا رہی ہے۔

ہوائی کرایوں کے قواعد

میں فضائی کرایوں کے تعین کے لیے واضح قواعد وضع کرنے اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ایک مؤثر ریگولیٹری نظام قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اس سے قبل اگست میں ہونے والی سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ جو ایئر لائنز مقررہ قواعد پر عمل نہیں کرتیں، ان کے خلاف سخت کارروائی کی جا سکتی ہے، حتیٰ کہ انہیں پروازیں چلانے سے روکنے کا معاملہ بھی زیر غور آ سکتا ہے۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے عدالت کو بتایا تھا کہ حتمی قواعد بننے تک ایئر لائنز کو کرایوں سے متعلق دفتری ہدایات جاری کی جا رہی تھیں، تاہم بعض ایئر لائنز ان ہدایات پر عمل نہیں کر رہی تھیں۔ عدالت حکومت کی جانب سے سیل بند لفافے میں پیش کیے گئے فضائی کرایوں کو منظم کرنے کے مسودہ قواعد کا بھی جائزہ لے چکی ہے۔ حکومت نے اب قواعد کو حتمی شکل دے دی ہے اور انتظامی منظوری بھی حاصل کر لی ہے۔ سپریم کورٹ 16 نومبر کو اس معاملے کی اگلی سماعت کرے گی۔

پٹرول کی برآمد

نافذ کر دی گئی تھی۔ حکومت نے یہ ٹیکس مغربی ایشیا میں جنگ کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کے دوران ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے عائد کیا تھا۔ اس کا ایک مقصد برآمد کنندگان کو عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے قیمتوں کے فرق سے غیر معمولی فائدہ اٹھانے سے روکنا بھی تھا۔ حکومت کے مطابق ونڈ فال ٹیکس کا بنیادی مقصد پٹرولیم مصنوعات کی برآمد کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے ملک میں ایندھن کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانا ہے۔

یوکرین کے کیف، میں حملے کے بعد ایک رہائشی عمارت۔۔PSI

چیئر مین قومی کمیشن

میٹنگ میں تعلیمی مواقع اور پنجابی زبان کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ مزید برآں، میٹنگ میں جموں وکشمیر میں اقلیتی اور مائیگرنٹ کمیونٹیوں کی حفاظت اور تحفظ سے متعلق امور پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ اس دوران سکیورٹی صورتحال کی مسلسل نگرانی، حفاظتی اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان تال میل اور کمزور و حساس کمیونٹیوں کے مسائل کو دُور کرنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔ چیئر مین نے اقلیتی کمیونٹیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے قومی اقلیتی کمیشن، محکمہ سماجی بہبود اور دیگر متعلقہ حکام کے درمیان مسلسل رابطے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ اُنہوں نے اَفسران اور کمیونٹیوں کے نمائندوں کی حوصلہ اَفزائی کی کہ وہ مخصوص شکایات اور مسائل کو کمیشن اور اِنتظامیہ کے نوٹس میں لائیں تاکہ ان کا جائزہ لے کر مناسب کارروائی کی جا سکے۔ چیئر مین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مختلف کمیونٹیوں کے مخصوص مطالبات کا متعلقہ محکمانہ اور انتظامی سطحوں پر جائزہ لیا جائے بالخصوص جو تعلیم، زبان کے فروغ اور فلاح و بہبود سے متعلق ہیں۔ میٹنگ نے جاری اقدامات کا جائزہ لینے، کلیدی مسائل کو اُجاگر کرنے اور اقلیتوں کے قومی کمیشن اور جموں وکشمیر انتظامیہ کے درمیان اقلیتی کمیونٹیوں کی بہبود، سلامتی اور سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے تال میل کو مضبوط کرنے کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔

سیکریٹری منصوبہ بندی

بات چیت کی گئی۔ سیکرٹری نے اَپنے اِختتامی کلمات میں اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی پروگراموں کی مؤثر عمل آوری اور جموں وکشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے مختلف محکموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی، مطلوبہ معلومات کی بروقت فراہمی، منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی اور زیر اِلتوا مسائل کا فوری حل انتہائی ضروری ہے۔

ڈاکٹر کیخلاف تحقیقات

جبکہ نومولود مردہ پیدا ہوا۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں غم و غصے کی لہر پائی جا رہی ہے اور مقامی باشندے طبی سہولیات، ہنگامی مریضوں کی منتقلی اور ذمہ داروں کے احتساب سے متعلق سوالات اٹھا رہے ہیں۔ متوفیہ کے اہل خانہ نے الزام لگایا ہے کہ شدید برف باری اور رات کے وقت آمد و رفت پر عائد پابندیوں کے باعث خاتون کو بروقت اسپتال منتقل کرنے میں تاخیر ہوئی۔ اہل خانہ کے مطابق، ہنگامی صورت حال میں مریضہ کو دوسرے اسپتال منتقل کرنے کے عمل میں تاخیر جان لیوا ثابت ہوئی۔ تاہم، تاخیر کی وجوہات اور اس کے ذمہ داروں کا تعین تحقیقات کے بعد ہی ہو سکے گا۔ واقعے نے ایک بار پھر وادی؟ گریز جیسے دور دراز اور برف باری سے متاثر ہونے والے علاقوں میں ہنگامی طبی سہولیات، بروقت ریفرل اور مریضوں کی محفوظ منتقلی کے انتظامات پر توجہ مرکوز کر دی ہے۔ مقامی لوگوں کا مطالبہ ہے کہ معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی کی غفلت ثابت ہو تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

جاوید رانا نے

محکمہ کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت دی کہ نہروں کی صفائی (ڈی سلٹنگ) اور کمزور مقامات پر سیلاب سے بچاؤ کے انفراسٹرکچر اور پشتوں کی مضبوطی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے کہا کہ سیلاب سے بچاؤ کے کاموں کی پیش رفت کی تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے کمزور مقامات پر خصوصی توجہ اور ضروری حفاظتی اقدامات کے بروقت نفاذ پر زور دیا۔ وزیر نے مؤثر ہم آہنگی، باقاعدہ نگرانی اور رکاوٹوں کے بروقت حل کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کی جا سکے اور مکمل شدہ منصوبوں کے فوائد بلا تاخیر عوام تک پہنچیں۔

ڈاکٹر فاروق برہم

دونوں افسران کے درمیان نیشنل رورل لائیولی ہڈ مشن کے کردار سے متعلق بحث ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ جے کے اے ایس افسران نے اس واقعے میں بینش وانی کی مبینہ تضحیک اور بدسلوکی کی مذمت کرتے ہوئے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب، جموں وکشمیر حکومت نے بھی معاملے کی تحقیقات کے لیے 15 روزہ انکوائری کا حکم دیا ہے اور مندیپ کور، آئی اے ایس، کو تحقیقاتی افسر مقرر کیا ہے۔ فاروق عبداللہ نے اس واقعے کو دفعہ 370 کی منسوخی اور جموں وکشمیر کی ریاستی حیثیت ختم کر کے اسے دو مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تقسیم کیے جانے کے بعد پیدا ہونے والے حالات سے بھی جوڑا۔ دہلی میں جاری احتجاج کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا کہ ان کے خیال میں یہ احتجاج آمریت کے خلاف ایک نئی لہر کی علامت ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے فاروق عبداللہ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا کہ وہ اس حقیقت کو سمجھیں کہ جنگ کے بجائے مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ میں کامیابی کے بجائے انسانی جانوں کا نقصان ہوتا ہے اور اس کا خمیازہ بے گناہ لوگوں کو بھی بھگتنا پڑتا ہے۔

پنجابی زبان کو درجہ

طور پر حکومتی کمیٹی کی جانب سے آئندہ بجٹ اجلاس میں بل پیش کرنے کی زبانی یقین دہانی کرائی گئی تھی، تاہم احتجاجی رہنماؤں نے اس معاملے پر تحریری یقین دہانی دینے کا مطالبہ کیا۔ طویل بات چیت کے بعد حکومت کی جانب سے یہ یقین دہانی فراہم کی گئی، جس کے بعد احتجاج ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ احتجاج کو جموں کے مختلف گوردواروں کی انتظامی کمیٹیوں، متعدد عوامی نمائندوں، قانون ساز اسمبلی کے ارکان اور دیگر برادریوں کے افراد کی حمایت بھی حاصل رہی۔ احتجاج کے دوران مقامی مسجد کی انتظامی کمیٹی نے مظاہرین، خصوصاً خواتین، کے لیے بیت الخلاء ▯ کی سہولت فراہم کی، جبکہ قریبی مندر کی انتظامیہ نے بھی تعاون کیا۔ سکھ برادری کے رہنماؤں نے دونوں مذہبی مقامات کی انتظامی کمیٹیوں کا شکریہ ادا کیا۔ پنجابی زبان جموں کے کئی علاقوں میں بولی جاتی ہے اور خطے کی لسانی و ثقافتی تاریخ کا حصہ رہی ہے۔ اس کے سرکاری زبانوں کی فہرست میں شامل ہونے کا مطالبہ طویل عرصے سے سکھ برادری کے مختلف حلقوں کی جانب سے اٹھایا جاتا رہا ہے۔ حکومت کی تحریری یقین دہانی کے بعد احتجاج تو ختم ہو گیا ہے، تاہم پنجابی کو سرکاری زبانوں کی فہرست میں شامل کرنے کا معاملہ اب آئندہ بجٹ اجلاس میں بل پیش کیے جانے اور اس پر قانون ساز اسمبلی کی کارروائی سے مشروط ہے۔

درخشاں اندرابی نے

اور فروغ کے تئیں بورڈ کے مسلسل عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا، ''یہ ہمارے روحانی مراکز کی عظمتِ رفتہ کی بحالی کا دور ہے۔ وقف بورڈ کا واضح وژن ہے کہ ان مقدس مقامات کی شان و وقار میں اضافہ کیا جائے، جو نسلوں سے ہم آہنگی، روحانیت اور امن کے چراغ روشن کرتے آئے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ان مقامات کی روحانی تقدیس برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ انہیں وہ بنیادی ڈھانچہ اور ضروری سہولیات بھی فراہم کی جائیں جن کے وہ مستحق ہیں۔'' انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جموں وکشمیر وقف بورڈ پورے جموں وکشمیر میں مزارات اور مذہبی اداروں کی منظم ترقی، تحفظ اور تزئین وتجدید کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ کی توجہ معیاری بنیادی ڈھانچے کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور خطے کے مشترکہ روحانی ورثے کو مزید مستحکم بنانے پر مرکوز ہے۔

غیر قانونی کان کنی

ور نقل و حمل میں مبینہ طور پر ملوث دو ڈمپر کو روک کر قبضے میں لے لیا۔ اس کے مطابق، ایف آئی آر نمبر 130 / 2026 پولیس اسٹیشن زینا پورہ میں درج کیا گیا، اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔ اونتی پورہ میں، دوین میں معمول کی گشت کے دوران، پولیس اسٹیشن کھریو کی ایک پولیس ٹیم نے مبینہ طور پر غیر قانونی کان کنی کی سرگرمیوں میں ملوث دو ڈمپروں کو ضبط کیا۔ اس کے مطابق ایف آئی آر نمبر 78 / 2026 کے تحت پولیس اسٹیشن کھریو میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے، اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔

حج محرم کوٹہ

پہلی قسط کے طور پر ایک لاکھ 52 ہزار 300 روپے کی رقم 30 اکتوبر 2026 تک جمع کریں۔ اس کے علاوہ عازمین کیلئے ابتدائی طبی معائنہ کروانا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، جس کے لیے حج کمیٹی کی جانب سے یکم ستمبر اور 15 ستمبر 2026 کو جاری کیے گئے سرکلرز میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ سرکلر کے مطابق، عازمین حج کی پہلی قسط آن لائن طریقے سے حج کمیٹی کی سرکاری ویب سائٹ یا حج سویدھا ایپ کے ذریعے جمع کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے کریڈٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ یا نیٹ بینکنگ کی سہولت دستیاب ہے۔ آن لائن ادائیگی کے علاوہ عازمین اسٹیٹ بینک آف انڈیا، یا یونین بینک آف انڈیا کی کسی بھی شاخ میں مقررہ پے ان سلپ اور بینک ریفرنس نمبر کے ذریعے بھی رقم جمع کرا سکتے ہیں۔ حج کمیٹی نے منتخب عازمین کو مزید ہدایت دی ہے کہ پہلی قسط جمع کرانے کے بعد وہ اپنے ابتدائی طبی معائنے اور فٹنس سرٹیفکیٹ کے ساتھ ادائیگی کی رسید کی نقل بھی اپ لوڈ کریں یا متعلقہ طریقہ کار کے مطابق جمع کرائیں۔ ان دستاویزات کو جمع کرانے کی آخری تاریخ 2 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ حج کمیٹی نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر رقم جمع نہ کرانے، طبی معائنہ مکمل نہ کرنے یا ضروری دستاویزات جمع کرانے میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ عازم کی حج نشست منسوخ کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا منتخب عازمین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تمام مقررہ مراحل اور آخری تاریخوں کی پابندی یقینی بنائیں تاکہ حج 2027 کے لیے ان کی نشست برقرار رہ سکے۔

چیف سیکریٹری نے

نے پارکنگ مینجمنٹ کے حوالے سے عام لوگوں کی سہولت کے لئے مناسب جگہوں پر مزید آن سٹریٹ پارکنگ جگہیں مختص کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پارکنگ پالیسی پر عمل درآمد کے تحت یونین ٹیریٹری کے شہری مراکز میں اضافی پارکنگ لاٹس بنائے جائیں تاکہ غیر منظم پارکنگ سے پیدا ہونے والی بھیڑ پر قابو پایا جا سکے۔ چیف سیکرٹری اَٹل ڈولو نے انٹگریٹیڈ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم (آئی ٹی ایم ایس) کے کام کاج کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ نفاذ کو مضبوط بنانے اور مسافروں اور ڈرائیوروں میں تحفظ کا احساس بڑھانے کے لئے دونوں شہروں میں اس نظام کو اَپ گریڈ کر کے اس میں فیشل ریکگنیشن سسٹم (ایف آر ایس) کی صلاحیتیں شامل کی جائیں۔ اُنہوں نے پی ایم۔ آر اے ایچ اے ٹی سکیم کی عمل آوری کے لئے ایک مؤثر شکایات ازالہ نظام قائم کرنے پر بھی زور دیا تاکہ جموں وکشمیر کے طبی مراکز میں کسی بھی سڑک حادثے کے متاثر کو بروقت علاج سے محروم نہ رکھا جائے۔ میٹنگ میں وینڈنگ زونز، انٹگریٹیڈ روڈ ایکسیڈنٹ ڈیٹا بیس (آئی۔ آر اے ڈی)، ای کورٹس، ٹریفک اور ٹرانسپورٹ محکموں کے نفاذی اقدامات اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور سڑک استعمال کرنے والوں کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے جاری/ مجوزہ سڑک کشادگی اور سڑک تحفظ کے کاموں کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقعہ پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ تعمیرات عامہ انیل کمار سنگھ نے جموں اور سری نگر کے لئے مجوزہ مختلف ایلیویٹیڈ کوریڈورز کی ویڈیو واک تھرو پیش کیں۔ اُنہوں نے میٹنگ میں سڑکوں کو چوڑا کرنے کے جاری کاموں کی پیش رفت اور کنکٹویٹی کو بہتر بنانے اور ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے کے لئے تجویز کردہ منصوبوں سے بھی آگاہ کیا۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سری نگر اور اس کے آس پاس کئے گئے اقدامات پر تفصیلی پرزنٹیشن دی جن میں پارکنگ مقامات کی نشاندہی، بھیڑ کم کرنے کے اقدامات، آئی ٹی ایم ایس سے چلنے والے جنکشنز، ای چارجنگ سٹیشن، بس سٹاپوں کی دوبارہ تشکیل اور نشاندہی شدہ بلیک سپاٹس کی درستگی شامل ہیں۔۔۔

IN THE COURT OF THE JUDICIAL MAGISTRATE
IST CLASS, D.H. PORA
Present:- Mr. Nissar-Ul-Haq Khan
In the case of: NOOR HUSSAIN S/o ALI MOHAMMAD CHOPAN
R/o TANGMARG TEHSIL D.H.PORA
V/S
Registrar Of Births & Deaths (BDO -MANZGAM)

PUBLIC NOTICE

Subject: Invitation of objections from the General Public regarding issuance of orders for registration of births and deaths.

Notice is hereby given to the general public that application has been received by this Court seeking issuance of appropriate orders for registration of births/ deaths, as the case may be, under the applicable provisions of law. Any person having any objection to the registration of the birth/death mentioned in the respective application(s) , or having any claim, interest or information contrary to the particulars stated therein, may file his/her objections before this Court within 07 days from the date of publication of this notice, along with supporting documents, if any. The objections, if any, shall be filed before the undersigned within the aforesaid period, failing which the matter(s) shall be considered and proceeded with in accordance with law and no objection thereafter shall be entertained.

The particulars of the applicant's daughter are as under:
Name of Applicant's daughter :- ASEYA JAN
Date of birth: 01-02-2017
Place of Birth:- TANGMARG

This notice is issued for information of the general public and for inviting objections, if, any before passing appropriate orders in the matter.Issued under my hand and seal of the court today on 15th Oct 2026.

Sd/- Judicial Magistrate Ist Class D.H.Pora

IN THE COURT OF THE JUDICIAL MAGISTRATE
IST CLASS, D.H. PORA
Present:- Mr. Nissar-Ul-Haq Khan
In the case of: NOOR HUSSAIN S/o ALI MOHAMMAD CHOPAN
R/o TANGMARG TEHSIL D.H.PORA
V/S
Registrar Of Births & Deaths (BDO -MANZGAM)

PUBLIC NOTICE

Subject: Invitation of objections from the General Public regarding issuance of orders for registration of births and deaths.

Notice is hereby given to the general public that application has been received by this Court seeking issuance of appropriate orders for registration of births/ deaths, as the case may be, under the applicable provisions of law. Any person having any objection to the registration of the birth/death mentioned in the respective application(s) , or having any claim, interest or information contrary to the particulars stated therein, may file his/her objections before this Court within 07 days from the date of publication of this notice, along with supporting documents, if any. The objections, if any, shall be filed before the undersigned within the aforesaid period, failing which the matter(s) shall be considered and proceeded with in accordance with law and no objection thereafter shall be entertained.

The particulars of the applicant's daughter are as under:
Name of Applicant's daughter :- SHAZIYA AKHTER
Date of birth: 11-03-2012
Place of Birth:- TANGMARG

This notice is issued for information of the general public and for inviting objections, if, any before passing appropriate orders in the matter.Issued under my hand and seal of the court today on 15th Oct 2026.

Sd/- Judicial Magistrate Ist Class D.H.Pora

IN THE COURT OF JUDICIAL MAGISTRATE
HANDWARA
File No.: /2026 D.O.I.: 16-10-2026
In the case of: Mohd Ramzan Lone S/o Abdul Gani Lone
R/o Udipora Tehsil Langate District Kupwara
...Petitioner

VERSUS

1. Registrar Birth and Deaths Block Development Officer Langate
2. Public At Large ...Respondent

NOTICE TO GENERAL PUBLIC
CORAM: MR ALTAF AHMAD MIR J.O. Code: JK 00277.
NOTICE

1. Whereas the above-mentioned applicant has filed an application before this Hon'ble Court for issuance of a date of birth certificate in favour of applicant namely Mohd Ramzan Lone S/o Abdul Gani Lone r/o Udipora Tehsil Langate District Kupwara, who was born on 04-04-1977 at Home. In this regard, notice is hereby given to the general public and all concerned that if any person has any objection to the issuance of the date of birth certificate in favour of the applicant, he or she may file objections before this Hon'ble Court, either personally or through his/her Attorney, on or before 26.10.2026, failing which the application shall be heard and decided accordingly.
2. The instant publication is issued for publication in daily local newspaper.

Judicial Magistrate Handwara

اطلاع عام

